# SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

*Tuesday, December 27, 1988*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at four of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

---

*(RECITATION FROM THE HOLY QUR'AN)*

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ۝۷۰ يُّصْلِحْ لَكُمْ
اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ۗ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ
فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝۷۱ اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ۗ
اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ۝۷۲ لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ
وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ وَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ۗ
وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝۷۳

(سبا، ۷۰ تا ۷۳)

ترجمہ: خالق و مالک کائنات کا ارشاد ہے مسلمانو! اللہ سے ڈرتے رہو اور بات بھی کہو تو راہ کی سیدھی سچی، اگر ایسا کرو گے تو اللہ تعالیٰ تم کو اعمال صالحہ کی توفیق عطا فرما دے گا اور تمہارے گناہ بھی بخش دے گا اور جس نے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم

## SENATE OF PAKISTAN

## SENATE DEBATES

*Tuesday, December 27, 1988*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (Parliament House), Islamabad, at four of the clock in the evening, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

---

*(RECITATION FROM THE HOLY QUR'AN)*

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَقُولُوا قَوْلًا سَدِيدًا ﴿٧٠﴾ يُصْلِحْ لَكُمْ
أَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ ۗ وَمَن يُطِعِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ
فَازَ فَوْزًا عَظِيمًا ﴿٧١﴾ إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ
وَالْجِبَالِ فَأَبَيْنَ أَن يَحْمِلْنَهَا وَأَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْإِنسَانُ ۖ
إِنَّهُ كَانَ ظَلُومًا جَهُولًا ﴿٧٢﴾ لِّيُعَذِّبَ اللَّهُ الْمُنَافِقِينَ وَالْمُنَافِقَاتِ
وَالْمُشْرِكِينَ وَالْمُشْرِكَاتِ وَيَتُوبَ اللَّهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ۗ
وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَّحِيمًا ﴿٧٣﴾

(سبا ۷۰ تا ۷۳)

ترجمہ: خالق ومالک کائنات کا ارشاد ہے مسلمانو! اللہ سے ڈرتے رہو اور بات بھی کہو تو راہ کی سیدھی سچی، اگر ایسا کرو گے تو اللہ تعالیٰ تم کو اعمال صالحہ کی توفیق عطا فرما دے گا اور تمہارے گناہ بھی بخش دے گا اور جس نے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم

کا کہا مانا تو اس نے بڑی کامیابی حاصل کی ، ہم نے ذمہ داری کی امانت کو جو انسان ہے ۔ آسمانوں پر اور زمین اور پہاڑوں پر پیش کیا اور یہ بوجھ ان پر لادنا چاہا تو انہوں نے بزبان حال اس کے اٹھانے سے انکار کیا اور اس سے ڈر گئے اور آدمی نے گویا ارادتاً بے تامل اس کو اٹھا لیا اس میں شک نہیں کہ وہ اپنے حق میں بڑا ہی جلد باز اور جلد باز ہونے کے علاوہ بڑا ہی نادان بھی تھا اور اس لیے اس کا ضروری انجام بھی یہ ہونا ہی تھا کہ اللہ تعالے منافق مردوں اور منافق عورتوں اور مشرک مردوں اور مشرک عورتوں کو ان کے کیے کی سزا دے اور مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں پر اپنی مہربانی کرے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے ۔

## OATH-TAKING

جناب چیئرمین :۔ جزاک اللہ ۔ ہمارے سینیٹ کے نئے رکن آصف فصیح الدین وردگ اب حلف اٹھائیں گے ۔ میں ان سے درخواست کروں گا کہ وہ اٹھ کر حلف لیں ۔

(آصف فصیح الدین وردگ نے حلف اٹھایا)

Mr. Chairman: Asif Sahib would you please come and sign the roll of members of the Senate.

*(Mr. Asif Fasihuddin Vardag signed the roll of members of the Senate)*

Mr. Chairman: Mr. Vardag I would like to take this opportunity to congratulate you and wish you a very successful career as a member of the Senate.

## QUESTIONS AND ANSWERS

Mr. Chairman: Now Question Hour. Prof. Khurshid Ahmed Question No. 1.

### TRANSFER OF HOUSES ON OWNERSHIP BASIS

1. ***Prof. Khurshid Ahmed:** Will the Minister for Defence be pleased to state:

(a) whether it is a fact that government owned houses located in Risalpur and Wah Cantts have been sold on ownership basis; if so, their number and the date of sale of each house, together with the reasons for such sales; and

(b) the names of other Cantts. in the country where government owned houses have been sold on ownership basis?

**Col. (Retd.) Ghulam Sarwar Cheema:** (a) No.

(b) None.

پروفیسر خورشید احمد: ضمنی سوال۔ کیا محترم وزیر صاحب اس امر سے واقف ہیں کہ ۲/ جولائی ۱۹۸۰ء کو منسٹری آف ڈیفنس نے اس بات کا اعلان کیا تھا اور نوٹیفکیشن جاری ہوا تھا کہ

"lease of land comprising 314 quarters situated in notified bazar area, Risalpur Cantonment"

اور یہ مختلف پلاٹ ۳۱۴/ افراد کو دیئے گئے ہیں۔ ۷۵۰ روپے فی مرلہ کے حساب سے اور کاسٹ وغیرہ لی گئی تو اس کی موجودگی میں وہ کس طرح یہ بات کہہ سکتے ہیں کہ پلاٹ الاٹ نہیں ہوئے ہیں اور کوئی زمین نہیں دی۔

**Col. (Retd.) Ghulam Sarwar Cheema:** Sir, I am grateful to the learned Senator for pointing out this thing to me. This is a fact which the learned Senator has narrated. There is a myth that there is a subtle difference between the term 'lease' and the 'ownership'. It is a fact that on 2nd of July, 1980 a certain number of quarters and certain number of shops were leased out to the tenants who were in occupation of those for the last many many years. So, all that I wish to say on behalf of the Government is that there is a subtle difference and a legal difference between the term 'lease' and 'ownership'. By leasing out a particular peace of property the Government is not transferring rights of ownership to the lessee.

Thank you, Sir.

**پروفیسر خورشید احمد:** میں جانتا ہوں کہ سوال کے وقفے کو کسی قانونی harassment/ embarrassment کے لئے use نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن کیا محترم وزیر صاحب یہ بتا سکیں گے کہ فی الحقیقت اونرشپ کی جو مختلف شکلیں ہیں ایک لیز وہ ہوتی ہے جو آپ movable پراپرٹی پر دیتے ہیں اس کی شرائط مختلف ہوتی ہیں۔ لیکن زمین کے بارے میں اونرشپ کی جو مختلف شکلیں ہیں اس میں لیز اور freehold دو صورتیں ہیں اور جو سوال تھا اس کے جواب میں ان دونوں کو لازماً کور کیا جانا چاہیئے تھا۔ محض لفظوں کا سہارا لیکر ایک بات کے بارے میں "نہیں" کہہ دینا، صحیح جواب نہیں ہے۔

Col. (Retd.) Ghulam Sarwar Cheema: Sir, if the House will bear with me I will read out the answer to this question.

Mr. Chairman: Yes please.

Col. (Retd.) Ghulam Sarwar Cheema: This is what the Government states:

"No Government owned houses were sold on ownership basis to any individual in any cantonment board. In 1980, 314 quarters owned by the cantonment board in Risalpur were leased to those who were living in these quarters since decades as tenants. When the sites are given to occupants on lease the land remains the prperty of Federal Government. These quarters were constructed half a century ago and people were living in these quarters at rents varying from Rs. 5/- to Rs. 25/-. Due to the opposition from the tenants to any increase in their rental the Board was unable to carry out their repairs or renovation work. Almost all the quarters were in dangerous and dilapidated condition and in urgent need of major repairs. To undertake the repair work at least Rs. 8 lakhs were required which the Cantonment Board could not afford. Many complaints were received and the Board found itself faced with a difficult predicament. This created unrest among the tenants, embarrassed the Board and gave the people an excuse for questioning the efficiency and the working of the Board. Accordingly, vide Government of Pakistan Ministry of Defence letter dated 2nd July 1980, an

extract of which has been attached here; leases were offered to the occupants on payment of ground rent as per prevalent standard table of rent and premium at the rate of Rs. 750/- per marla for the quarters along with cost of super structure as determined by the Board plus development charges at the rate of Rs. 10/- per square yard for each quarter. Cost of super structures for quarters of four marlas and above were fixed at Rs. 15/- per sq. ft., and Rs. 10/-per sq.ft. for quarters below four marlas.

Similarly, Sir, 71 shops were leased o… to existing occupants in the same cantonment in schedule 8 of the Cantonment Land Administration Rules 1937 by private treaty and payment of annual rental of Rs. 546.24 and a premium of Rs. 5462.40 plus the cost of super structure at Rs. 10625 for each shop for purposes of commercial one category vide Government of Pakistan letter number so and so.

This is in reply to part (1) of the question. All that I wish to say here, Sir, is that leases are categorized as freeholc and the other one which is not freehold. In freehold the lanc though mythically it remains the property of the Govern ment but the occupant or the lessee is almost owner of the land. Land which is not leased out to the tenant or the lessee by the State as a freehold is never transferred to the lessee. I: remains till perpetuity the property of the Government and the Government is at liberty to reclaim or recover that land as the rightful owner of that piece land. That is what I wish to say viz-a-viz part (1) of the question.

پروفیسر خورشید احمد: میں جناب کا ممنون ہوں اور یہی معلومات مقصود تھیں لیکن 'NO' کے سوال کے تحت ان تمام کو چھپا لیا گیا تھا۔ دوسری بات میں یہ کہنا چاہوں گا کہ مسئلہ بحث کا نہیں ہے لیکن لیز کے بارے میں یہ نہیں ہے کہ جب چاہے حکومت اسے واپس لے سکتی ہے۔ اس کے باقاعدہ قواعد ہیں قوانین ہیں اور دنیا بھر میں جو طریقہ رائج ہے ۹۹ سال کی لیز ہوتی ہے اور کہیں ہزار سال کی لیز ہوتی ہے — میں دوسرا سوال یہ پوچھنا چاہتا ہوں جو پالیسی یہاں اختیار کی گئی ہے اس کے بنانے میں اس بات کو ملحوظ رکھا گیا ہے

[Prof. Khurshid Ahmed]

کہ جن کوارٹرز کی renovation کے لئے چھ لاکھ یا سات لاکھ روپے درکار تھے ان کو
کس قیمت پر دیا گیا ہے اور کیا یہی پالیسی دوسرے مقامات پر اختیار کی گئی ہے۔

Col. (Retd.) Ghulam Sarwar Cheema: Sir, this policy measure was confined only to the isolated case of Risalpur Cantonment. I am not aware and I say it categorically that there is no other case or example of any such transaction pertaining to any other cantonment in Pakistan. If the learned Senator wishes I can read out the answer to part (b) of the question also.

Mr. Chairman: Would you like it Prof. Sahib to be read out?

Prof. Khurshid Ahmed: How lengthy is that.

Col. (Retd) Ghulam Sarwar Cheema: That is quite small.

Prof. Khurshid Ahmed: O.K. please go ahead.

Col. (Retd.) Ghulam Sarwar Cheema: In compliance with the President's directive MES House No. 2/E, Fort Road, Rawalpindi, built on a piece of land measuring 1498 sq. yards was also leased out to a widow of an army officer vide schedule of the Cantonment Land Administration Rule 1937 on payment of annual rental of Rs. 149.80 and a premium of Rs. 7490/- plus the cost of super structure at Rs. 97,473/- vide Government of Pakistan, Ministry of Defence letter dated 1st August 1985. In accordance with the President's directive the expenditure on account of the cost of superstructure namely Rs. 97,473/- and the premium at Rs. 7.490.00 was borne by the Government. This again is an isolated case and this was done on the directive of the President on humanitarian grounds in keeping with the policy of the government. Thank you, Sir.

## PENDING CASES REGARDING EXTENSION IN SERVICE

2. *Prof. Khurshid Ahmed: Will the Minister Incharge of the Establishment Division be pleased to state:

(a) the total number of cases of the government employees

above grade-16 lying pending with Establishment Division for extension in their services;

(b) the dates from which these cases are lying pending, indicating also names and their period of extension proposed in each case; and

(c) the names of the departments they belonged and the reasons for recommending their extension ?

Khawaja Ahmad Tariq Raheem: (a) Eighteen cases of re-employment are under process. Details at Annexure-I.

(b) As at Annexure-I.

(c) As at Annexure-I.

| S. No. | Name and Designation of officer | Name of Department | Date of receipt Estt. Division | Proposed period of extension | Reason for pending | Reasons for recommendation |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
| 1. | Col. (Retd.) M. Akram Khattak, Director (B-19), Bomb Disposal Unit, Lahore | Ministry of Interior | 15-6-1988 | 2 years (from the date the competent authorith approve). | Ministry of Defence has not recommended the case of Col. (Retd.) M. Akram for the post and sent the panel of officers for this purpose. Ministry of Interior is being in formed about the position. | Ministry of Interior wants to use the expercience and qualification of the officer which commensurate with the requirement of the post against which Mr. Khattak is being re-employed. |
| 2. | Mr. Sikandar Ali Bhatti, Librarian (B-17), Pakistan National Centre, | Ministry of Information and Broadcasting. | 29-9-1988 | 2 years (from 8-2-89 to 7-2-1991). | Ministry of Information & Broadcasting has been requested to initiate a summary for the Prime Minister. | The replacement of the officer is not readily available with Ministry of Information and Broadcasting. |
| 3. | Dr. Ghulam Rasool, Economic Adviser (B-21) | Planning and Development Division. | 29-9-1988 | 2 years (from 15-4-89 to 14-4-91). | Under submission. | He is an eminent Economist and Planning and Development Division wants to utilise his services for the work relating to Permanent Commission on Islamization of Economy. |
| 4. | Mr. K.M. Naseeruddin, Entomologist (B-17). | Plant Protection Department. | 8-11-1988 | 2 years (w.e.f.) | Information asked for from Ministry of Food and Agriculture received on 19-12-88. The Case is under-process. | To make use of his long experience in specialised sphere of Plant Protection. |

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 5. | Mr. Zamiruddin Ahmed Qureshi, Project Coordinator in Family Planning Inputs (B-18) | Population Welfare Division | 9-10-1988 | One year (w.e.f. the date of resumption of duty). | Information asked for form Population Welfare Division is awaited. | To make use of his experience in the Accounts field. |
| 6. | Maj. (Retd.) Shah Jahan, Secretary, DASB (B-18). | Ministry of Defence | 26-11-1988 | One year w.e.f. 1-12-88. | Information called for from Ministry of Defence is awaited. | To make use of his experience in re-habilitation and welfare of exservicemen. |
| 7. | Mr. Illahi Bakhsh, Dy. Director, (B-18), Federal Dte. of Education. | Ministry of Education | 26-11-1988 | Two years w.e.f. | Information called for from Ministry of Education is awaited. | To make use of his professional expertise in the field of financial property. |
| 8. | Mr. Abdul Khaliq, Director Training (B-19), Dte. General Civil Defence. | Ministry of Interior | 6-12-1988 | Period not specified | Certain information / documents are awaited from Ministry of Interior. | Ministry of Interior wants to make use of experience and qualification of the officer, which commensurate with the requirement of the post of Director Training, the post against which Mr. Khaliq is being re-employed. |
| 9. | Mr. Shamsuddin Ahmed, OSD/J.S. Establishment Division | Establishment Division | 18-12-1988 | Two years w.e.f. 1-3-1989 | Under Submission | In recognition of his sacrifices for the causes of Pakistan. |
| 10. | Mr. Tahir Hussain, Second Secretary (B-18) | Central Board of Revenue | 28-8-1988 | One year (from 29-1-89 to 28-1-90). | Under submission | Non-availability of substitute owing to shortage of Section Officers in the Office Management Group. |
| 11. | Mr. Sajjad Hussain, Section Officer (B-18) | Food & Agriculture Division. | 7-9-1988 | Two years (from 2-3-1989 to 1-3-1991). | Under submission | —do— |

| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 12. | Mr. Nazar Mohammad Chaudhry, Section Officer (B-18) | Ministry of Information and Boradcasting | 23-11-1988 | Two years (from 11-5-1989 to 10-5-1991). | Under submission | —do— |
| 13. | Mr. S.M. Younus, Section Officer (BPS-18) | Prime Minister's Secretariat (Public) | 20-10-1988 | One year (from 28-12-1988 to 27-12-1989) | Under submission to Prime Minister's Secretariat (Public). | —do— |
| 14. | Mr. Hasin Khan, Section Officer (BPS-18) | Ministry of Industries | 20-10-1990 | One year (from 29-2-1989 to 18-2-1990. | —do—<br>—do— | —do—<br>—do— |
| 15. | Mr. M.A. Fateh, Section Officer, (BPS-18) | Ministry of Defence | 29-10-1988 | Two years (from 14-4-1989 to 13-4-1991) | Under submission | —do— |
| 16. | Mr. Bashir Ahmed, Section Officer, (BPS-18) | Ministry of Defence | 29-10-1988 | One year (from 5-11-1988 to 4-11-1989) | —do— | —do— |
| 17. | Major (Retd.) Salman Sadiq, Section Officer (BPS-18) | Ministry of Defence | 29-10-1988 | One year (from 20-1-1989 to 19-1-1991) | —do— | —do— |
| 18. | Brig. (Retd.) Salahuddin, Dental Surgeon (B-19) | Ministry of Defence | 7-9-1988 | Two years (from 11-2-89 to 10-2-91) | Information asked for from Ministry of Defence is awaited. | To make use of his professional experience. |

پروفیسر خورشید احمد : جناب والا ! چونکہ گورنمنٹ کی عمومی پالیسی یہ ہے کہ اس مدت کے ختم پر ملازم کو ریٹائر کر دیا جائے ۔ اِلا یہ کہ کوئی غیر معمولی وجہ ہو ۔ بالعموم ان جوابات میں یہ کہا گیا ہے اور خاص طور پر نمبر شمار ۶ اور ۷ کے متعلق کہا گیا ہے کہ نہیں ہے alternate کی availability کے سلسلے میں کیا اقدامات کئے جاتے ہیں ۔ یعنی

within the cadre or outside the cadre.

**Khawaja Ahmad Tariq Raheem:** May I state here that as far as re-employment is concerned I would refer the learned Senator to the Section 14 of the Civil Servants Act 1973 that is the law which provides the power to re-employee a person once he has reached the age of superannuation and the sole criteria there is whether that would be in public interest. Now, most of the cases which have been mentioned here were initiated much earlier than the present government took over, the reasons have been given in column 7 of the answer and going through this column 7 it appears that the authority which recommended that these gentlemen or these officers should be given an extension they have been guided by Section 14 of the Civil Servants Act 1973 and under the heading public interest we consider four particular elements that is the non-availability of a substitute and what steps have been taken to provide for a substitute. Now I would not like to dwell whether these recommendations were proper or not but I could only say at this stage that these were done under Section 14 of the Civil Servants Act.

جناب چیئرمین :- جناب شاد محمد خان صاحب ۔

جناب شاد محمد خان :- جناب والا ! کیا وزیر صاحب بتائیں گے کہ عوامی حکومت کا یہ نعرہ ہے کہ ہم بے روزگاری کو ختم کریں گے، چونکہ اب پاکستان میں ایسے افراد کی قلت نہیں ہے اس لئے حکومت ایسے کیسز میں extension بند نہیں کرے گی اور بے روزگاری کو ختم نہیں کرے گی ۔

خواجہ احمد طارق رحیم :- جناب والا ! میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ عوامی حکومت اس لیئر کو مدنظر رکھے گی کہ بے روزگاری کم ہو اور جو قانون کی strict interpretation

[Khawaja Ahmad Tariq Raheem]

ہے اس کے مطابق چلے گی کیونکہ یہ عوامی حکومت کا فیصلہ ہے کہ ہمیں قانون کے مطابق ہر چیز کرنی ہے۔ ہمیں جناب یہ بھی دیکھنا ہے کہ جو بہترین آدمی ہو گا اس job کے لئے اس post کے لئے اسی کو یہ موقع دیا جائے گا اور اگر کوئی substitute available ہے تو میں یقین دلاتا ہوں کہ اس substitute کو موقع ملے گا۔

جناب چیئرمین: قاضی عبداللطیف صاحب

قاضی عبداللطیف: کیا وزیر موصوف یہ بتائیں گے۔ موزوں آدمی کی کیا تعریف ہو سکتی ہے کیونکہ وہ فرما رہے ہیں کہ موزوں آدمی کو موقع ملے گا۔

جناب چیئرمین: جناب احمد طارق رحیم صاحب۔

خواجہ احمد طارق رحیم: جناب والا! جہاں تک اس سوال کا تعلق ہے میں اس کا جواب دے سکتا ہوں لیکن اگر یہ کوئی اور سوال پوچھنا چاہتے ہیں جیسے کہ substitute کا مطلب کیا ہے یا "موزوں آدمی کا مطلب کیا ہے اس کا میں جواب ضرور دے دوں گا۔ اگر وہ اس کے لئے separate سوال پوچھیں ان کا یہ سوال، میرے اس جواب سے arise نہیں ہوتا ہے۔

مولانا سمیع الحق: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب چیئرمین: جی مولانا صاحب۔

مولانا سمیع الحق: جناب قاضی صاحب نے "موزوں آدمی" کا مطلب پوچھا تھا، میں اپنے بھائی خواجہ طارق رحیم سے پوچھوں گا کہ عوامی حکومت کی تعریف کیا ہے۔

جناب چیئرمین: یہ میرا خیال ہے کہ سوال نہیں بنتا۔

مولانا سمیع الحق: سوال کرنے والے نے بھی عوامی حکومت کہا ہے، میں یہ شاد محمد خان صاحب سے تو نہیں پوچھ سکتا، لیکن جناب طارق رحیم صاحب سے پوچھ سکتا ہوں کہ عوامی حکومت کی کوئی تعریف بتائیں یا معیار بتائیں۔

جناب چیئرمین: یہ سوال نہیں بنتا ہے آپ علیحدہ سوال پوچھیے، کوئی اور ضمنی سوال۔

**Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir:** Would the Minister like to state that these people who are not going to be employed would they also found suitable job because they are committed to find jobs for everybody?

**Khawaja Ahmad Tariq Raheem:** I don't think that this question arises as a supplementary from this question which has been asked, if there is a question of finding jobs and the learned Senator wishes to help us in finding jobs for people we are here, we welcome his cooperation, we will certainly cooperate with him.

**Mr. Chairman:** Thank you. Question No. 3 Prof. Khurshid Ahmad.

### RELEASE OF CRIMINALS

3. ***Prof. Khurshid Ahmed:** Will the Minister for Interior be pleased to state:

(a) a complete list of all the persons who have been released under the new policy of the Prime Minister stating the following:

- (i) names, address and profession of the person concerned;
- (ii) alleged crime for which he was sentenced;
- (iii) the court, military or civil, which awarded the punishment;
- (iv) punishment alongwith the date on which the said punishment was awarded; and

(b) whether the government has ensured that while freeing an innocent and reducing the sentences of deserving persons the policy has not led to the release of hard criminals convicted of heinous crimes against individual and society?

**Mr. Aitzaz Ahsan:** Mr. Chairman, the requisite information is being collected because this has to be collected from the Provincial governments and from the various jails and will be produced before the House as soon as replies are received and have been compiled.

**Mr. Chairman:** Can you give us some time-frame because I think this is an important question and the information being asked

[Mr. Chairman]
for is also important. Can you indicate some time frame within which you can provide this information?

Mr. Aitzaz Ahsan: Mr. Chairman, we have sought this information on a most urgent basis but as I said there are provincial administrations. They are collecting it from the different jails all over the country. So, I think that if we have two weeks.

Mr. Chairman: Two weeks. Prof. Khurshid Sahib.

پروفیسر خورشید احمد: یہ مناسب ہے کہ آپ نے خود ہی initiative لے لیا ہے۔ میں آپ کا ممنون ہوں، گو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ بالعموم ایسے اقدامات کرنے سے پہلے معلومات جمع کی جاتی ہیں، پھر فیصلہ کیا جاتا ہے لیکن یہاں فیصلہ پہلے ہوتا ہے، معلومات بعد میں آتی ہیں، بہرحال آپ نے چونکہ دو ہفتہ کے لئے کہہ دیا ہے۔ I agree with that.

Mr. Aitzaz Ahsan: We hope to provide that within two weeks, Sir.

Mr. Chairman. Supplementary question, Mr. Alam Ali Laleka.

جناب عالم علی لالیکا: کیا وزیر داخلہ اس ایوان کو آگاہ فرمائیں گے کہ انہوں نے کیا اقدامات کئے ہیں ایسے مجرموں کے لئے جو کہ پیشہ ور مجرم ہیں اور جو کہ بدترین معاشرتی جرائم میں ملوث تھے اور اس سہولت سے فائدہ اٹھا کر ملک سے فرار ہو جانے میں کامیاب ہو جائیں گے اور ان کا ہمیں پھر پتہ چلے گا کہ یہ ایسے لوگ تھے تو ان کو پابند کرنے کے لئے کیا اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: جناب اعتزاز احسن صاحب۔

جناب اعتزاز احسن: جناب چیئرمین، گزارش یہ ہے کہ جہاں تک ان رعایتوں کا تعلق ہے۔ اس سلسلے میں عرض ہے کہ اول تو رعایتیں کسی ایسے شخص پر apply نہیں ہوتی ہیں جو کہ ابھی under trial ہیں، بہت سارے

ایسے لوگ ہیں جن کے مقدرات کے ابھی فیصلے نہیں ہوئے ہیں، جن کے فیصلے ہوئے ہیں اور جن کو بدترین کہا جا سکتا ہے بلکہ وہ تھے ہی ایسے، جنہیں سزائے موت کی سزا دی گئی تھی، ہماری ان رعایات کے تحت سزائے موت کو ۲۵ سال کی عمر قید میں تبدیل کیا گیا ہے۔ لہٰذا میرے خیال میں ..... ابھی ویسے figures آئیں گے، شاید معزز سینیٹر صاحب اس کے بعد بتائیں کچھ identify کر سکیں کہ فلاں شخص ان رعایتوں سے فائدہ اٹھا کر رہا ہو گیا ہے تو اس سلسلے میں ہم ضرور اقدامات کریں گے، اور اسے پابند کرنے کے سلسلے میں مناسب اقدامات کئے جائیں گے۔ لیکن جہاں تک ان رعایتوں کا تعلق ہے، ان رعایتوں میں جو بدترین لوگ تھے، ان کو صرف یہ رعایت ملی ہے کہ سزائے موت کی بجائے ان کی سزا کو عمر قید میں جو کہ ۲۵ سال قید بامشقت ہے، میں تبدیل کر دیا جائے۔

جناب چیئرمین:۔ میرے خیال میں یہ تفصیلات آجائیں تو پھر یہ سوالات زیادہ مناسب ہوں گے۔

جناب عالم علی لالیکا:۔ جناب والا! مجھے یہ غرض نہیں ہے کہ سردست وزیر داخلہ ہمیں یہ ساری معلومات بہم پہنچا دیں۔ میرا مقصد کچھ اور ہے۔ جس طرح پروفیسر خورشید احمد صاحب نے بیان فرمایا کہ چاہیے تو یہ تھا کہ یہ عمل کرنے سے پہلے سینکڑوں، ہزاروں لوگوں کو جیلوں سے چھوڑنے سے پہلے یہ معلومات مہیا کر دی جاتیں اور ان کے کوائف مجتمع کر کے ایوان کو دیتا دیئے جاتے لیکن یہ مجرم چھوڑے جا رہے ہیں۔ ان میں کچھ مجرم مستحق بھی ہوں گے، سیاسی قیدی بھی ہوں گے اور کچھ مجرم ہمارے نقطہ نظر کے مطابق بدترین عادی مجرم ہیں۔ اب صورت یہ ہے کہ جب تک یہ فہرستیں آئیں گی، معلومات اکٹھی ہوں گی، اس وقت تک وہ لوگ اس رعایت سے فائدہ اٹھا کر ملک سے باہر جا چکے ہوں گے تو پھر حکومت ان کو واپس لانے کے سلسلے میں کیا اقدامات کرے گی۔

جناب چیئرمین:۔ میرے خیال میں جب یہ تفصیلات آجائیں تو پھر ان تفصیلات کی روشنی میں سوالات کر سکتے ہیں، اس وقت یہ سوالات مفروضوں پر مبنی ہوں گے۔

مولانا سمیع الحق :۔ جناب! میں تفصیلات کے متعلق سوال نہیں کرنا چاہتا۔ اصولی طور پر یہ سوال جو سامنے آیا ہے تو اس طرح اگر رعایتی اقدامات کا سلسلہ چل پڑا تو عدالتی نظام جو مظلوموں کو انصاف فراہم کرتا ہے تو کیا وہ عدالتی نظام تہس نہس ہو کر نہیں رہ جائے گا اور لوگ اس کو وقت کا ضیاع نہیں سمجھیں گے میں زید بکر کے بارے میں نہیں پوچھتا ہوں۔ مگر کیا اس طرح اگر اقدامات کئے جائیں اور لوگوں کو انصاف فراہم کرنے کے لئے ایک ذریعہ عدالت ہی رہ گئی ہے اگر اس طرح عدالتی کام کو ایک آرڈر سے سبوتاژ کیا جائے تو کون سا ادارہ ہمیں تحفظ اور انصاف فراہم کر سکے گا؟

جناب اعتزاز احسن :۔ جناب چیئرمین! میں آپ کی اجازت سے صرف اتنا عرض کرتا ہوں کہ جتنی تشویش فاضل سینیٹر صاحب ظاہر کر رہے ہیں یہ غیر قانونی اور غیر آئینی نہیں ہے یہ اقدام آئین کے آرٹیکل ۴۵ کے تحت جناب صدر کے حکم کے تحت ہوا ہے انہوں نے بھی اس کو examine کیا تھا۔ جتنی تشویش کا اظہار کیا جا رہا ہے اس قدر تشویشناک بات نہیں ہے اس کا اطلاق زیادہ تر فوجی عدالتوں کے convicts سے تھا اور آپ دیکھیں گے کہ ویسے ہی لوگوں کو زیادہ تر رعایات ملی ہیں۔ لیکن ہر حکومت کچھ نہ کچھ رعایت ہر عید پر اور ہر ایسے تہواروں پر بھی قیدیوں کو دیتی ہے اور وہ بھی آرٹیکل ۴۵ کے تحت ہی دی جاتی ہے۔ اس سے عدالتی نظام پر کسی قسم کی قدغن یا اس سے گریز کا پہلو پیدا نہیں ہوتا۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزی: میں صرف اتنا پوچھنا چاہتا ہوں کہ ہمارا سرے سے دعویٰ یہ ہے کہ ہم تمام قانون اسلام کے مطابق لائیں گے اور آرٹیکل ۲۲۷ اس کا بالکل واضح ثبوت ہے، مگر اسلام نے تو قصاص مقرر کیا ہے اور قصاص کا حق مدعی کو ہے سرکار کو نہیں ہے۔ آپ نے سرکار کا مدعی کی حیثیت سے حق استعمال کر کے خدا سے لڑائی کی ہے۔ چونکہ اللہ تعالیٰ نے کسی قصاص کا حق خود نہیں رکھا ہے بلکہ مدعی کو دیا ہے۔ آپ نے پہلے سے یہ کر کے اسلام کی بنیاد ہی ہلا دی ہے۔۔۔۔

جناب اعتزاز احسن :۔ جناب چیئرمین! میں دعوت دیتا ہوں جناب کی وساطت سے اس ہاؤس کو کہ ہمارے ساتھ مل کر آئین میں ترمیمات کا سلسلہ جاری کریں ہم شروع سے

دعوت دے رہے ہیں۔ جب آئین میں ترمیمات ہو جائیں گی تو پھر جیسا یہ چاہیں گے ویسا ہو سکتا ہے اور جب تک یہ ہے یہ بالکل آئین کے آرٹیکل ۴۵ کے تحت ہی کیا گیا ہے۔

جناب چیئرمین :۔ جی بہرہ ور سعید صاحب آن پوائنٹ آف آرڈر۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید :۔ پوائنٹ آف آرڈر۔ جناب چیئرمین اپنے وزیر صاحب کی توجہ اس جانب مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ صدر صاحب نے جو اختیارات استعمال کئے ہیں وہ mercy petition پر نہیں کئے ہیں بلکہ وزیر اعظم کے مشورے پر کئے ہیں۔ قانون میں ایسی کوئی چیز نہیں ہے کہ وزیر اعظم لیتی۔ advice کرے۔ دوسری یہ بات کہ ہر وقت یہ مطالبہ کرنا کہ ہمارے ساتھ مل کر آئین میں ترمیم کریں ذرا سوچ لیں کہ کونسی ترامیم؟ وہ بھی ترامیم شامل ہیں جو اس آئین کے پاس ہونے کے فوراً بعد in-abundance کی گئی تھیں جن کے ذریعے اپوزیشن کے لیڈروں کو physically اٹھا کر پھینکا گیا تھا۔ اس میں کسی چیز کی آڑ نہیں لینی چاہئیے تو وزیر صاحب سے یہ امید کروں گا کہ اس مسئلے کو اس ایوان میں زیر بحث لانے کی پیشکش کریں ہم قبول کریں گے۔۔

(مداخلت)

جناب اعتزاز احسن :۔ اس کا جواب میں دے سکتا ہوں لیکن ۔۔۔

جناب چیئرمین :۔ نہیں جواب دینے کی کوئی ضرورت نہیں میرے خیال میں اس پر کافی بحث ہو چکی ہے جب تفصیلات آ جائیں گی تو اس وقت آپ بحث یا سوالات کریں تو زیادہ مناسب ہو گا۔۔۔۔

پروفیسر خورشید احمد :۔ جناب چیئرمین! قبل اس کے کہ ہم اس کو wind-up کریں۔ دو باتیں میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔ پہلی چیز یہ کہ آرٹیکل ۴۵ میں جو موجود ہے وہ ایک enabling Article ہے اور اس کا مقصد دراصل یہ ہے کہ individual cases میں گورنر یا صدر mercy petition پر کوئی اقدام کر سکیں۔ اس کا معنی wholesale آزادی نہیں ہے۔۔۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین:۔ پروفیسر صاحب! اس سٹیج پر اس ڈسکشن میں جانا ضروری نہیں ہے۔ یہ معلومات جب آ جائیں تو پھر اس پر آپ سوالات پوچھیں .....

جناب اعتزاز احسن:۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب! میں یہ عرض کروں گا بجائے اس کے کہ ایسے آرٹیکل پہ بحث کی جائے جس کی تعبیر یا تشریح اور ہو تو جب آرٹیکل سامنے ہو تو اس کو پڑھ لیا جائے۔

(مداخلت)

پروفیسر خورشید احمد:۔ دوسرا سوال میرا یہ ہے کہ اس کا معنی یہ ہے کہ آپ کی پالیسی اس ملک میں death sentence کو ختم کرنا ہے اور آپ اس کے مقابلے میں ہر شخص کو جس کو death sentence دی گئی تھی اور عدالت نے دی تھی....

(مداخلت)

جناب اعتزاز احسن:۔ جناب یہ چوتھا سوال ہے جو ....

Mr. Chairman: Question No. 4, Mr. Sartaj Aziz.

### Broadcast/Telecast Time Allocated for Agricultural Programmes

4. *Mr. Sartaj Aziz: Will the Minister for Information and Broadcastinb be pleased to state:

(a) the approximate time the Pakistan Television Corporation and the Pakistan Broadcasting Corporation devoted to agricultural and rural programmes in 1987-88, in proportion to the total time devoted to all other programmes; and

(b) whether the coverage given to the said programmes is adequate both in quality and quantity in view of 70 per cent population living in rural areas?

**Mr. Javed Jabbar (read by Khawaja Ahmed Tariq Raheem):** (a) In all 109 programmes were televised during 1987-88 on the subject of agriculture. The total duration of these programmes was about 18 hours.

Four TV centres i.e. Lahore, Karachi, Peshawar and Quetta telecast daily one 25-minute programme each in respective regional languages for the rural population. As such, PTV televised 607 hours of programme for the rural population from five TV Centres during the year 1987-88.

The Pakistan Broadcasting Corporation devoted 9800 hours to agricultural and rural programmes during the year 1987-88 out of a total of 98550 hours of its broadcast.

(b) PTV/PBC telecasts/broadcasts specialised type of programmes for agriculturists etc. in the rural areas. The rural population is also benefited from the other programmes televised/broadcast by PTV/Radio networks in the country and agricultural and rural programmes are considered to be adequate both in quantity and quality.

**Mr. Sartaj Aziz:** In the case of Pakistan Brodcasting Corporation Mr. Chairman, the hours devoted 9800 are shown as a proportion of 98,000 that is about 10%. The same information is not given about television programmes as to these 18 hours of agricultural programme and 607 of general programme which may benefit rural areas, what proportion does it constitute of the total TV programme?

**Khawaja Ahmed Tariq Raheem:** Sir, if he asks a separate question on the proportionate and percentage, I will check up and give the information. It does not arise from this question.

**Mr. Sartaj Aziz:** Would you like to read part (a) of the answer please. The approximate time the Pakistan Television Corporation and the Pakistan Broadcasting Corporation devoted to agricultural and rural programmes in proportion to the total time devoted to other programmes. This is exactly the question.

**جناب چیئرمین:** ۔ طارق صاحب یہ کافی direct سوال ہے

**Khawaja Ahmed Tariq Raheem:** I will Sir, try to find out the actual proportion and then submit it.

**Mr. Sartaj Aziz:** Well, I have worked out very roughly that if we take only the national programmes daily programmes are 8 hours,

[Mr. Sartaj Aziz]
240 hours in a month and 2880 hours in a year. Then only 2% of the time is devoted to agriculture. Similarly if you take the four regional programmes and the number of hours come to about 10,000. Even if the indirect 607 hours devoted to agricultural programmes are taken it is less than 6%. So, the second part of the question whether the coverage given is adequate both in quality and quantity in view of fact that 70% population is living in rural areas, the answer is obvious: it is not adequate.

جناب چیئرمین :- خواجہ احمد طارق رحیم

خواجہ احمد طارق رحیم :- جناب میں جواب دے دیتا ہوں کہ محترم خود اس وقت وزیر زراعت رہ چکے ہیں۔ مگر وہ اس وقت نہیں کر سکے انشاءاللہ تعالیٰ ہم ضرور بڑھا بھی دیں گے اور adequate بھی کر دیں گے۔

Prof. Khurshid Ahmed: The House needs apology for incomplete answer.

(Interruption)

Mr. Chairman: Question No. 5, Mr. Muhammad Ishaq Baluch.

T.V. BOOSTER AT GWADAR

5. *Mr. Muhammad Ishaq Baluch: Will the Minister for Information and Broadcasting be pleased to state whether the Government has any plan to instal T.V. booster at Gwadar in the current fiscal year; if so, when?

Mr. Javed Jabbar: The establishment of a TV Booster at Gwadar is not included in the current financial year i.e. ADP 1988-89. However if the Microwave Network or the Satellite transmission matures during the Seventh Plan — for which proposals are under consideration — it will be possible to extend TV signals to coastal areas of Mekran Division.

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی :۔ سوال یہ ہے کہ ان کو پتہ ہے کہ مکران میں اب تک مائیکرو ویو نہیں پہنچی میں کہتا ہوں کہ لائن لگی ہوئی ہے ژوب، لورالائی سے، وہاں پر آسانی سے لگ سکتا ہے اور کیا یہ ان کے منصوبہ میں موجود ہے؟

خواجہ احمد طارق رحیم :۔ جناب جواب یہ ہے کہ سابقہ حکومت کی جو کوتاہیاں ہیں انشاءاللہ تعالیٰ ہم ضرور ان کا ازالہ کریں گے اور ہمیں وقت دیا جائے جہاں تک بھی ہو سکا پاکستان کے کونے کونے میں ٹیلی ویژن لے کر جائیں گے صرف وقت دیجئے فکر نہ کریں۔ شکریہ!

جناب صوبیدار خان مندوخیل :۔ ضمنی سوال۔ مجھے امید ہے کہ محترم وزیر صاحب پرانی حکومت کا ازالہ کریں گے۔ جناب والا! میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ تین سال کا عرصہ ہو گیا ہے لیکن ژوب اور بلوچستان کے اکثر علاقوں میں ٹی وی بوسٹر نہیں لگے ہوئے ہیں کیا آپ لوگ بلوچستان کو بھی پاکستان کا کوئی حصہ سمجھتے ہیں یا نہیں! آپ نشیات کے بارے میں سوچتے ہیں کہ ہمارے ہاں نشیات ختم ہو جائیں۔ وہاں ہمارا نوجوان ٹی وی بوسٹر نہ ہونے کی وجہ سے منشیات کا عادی ہو گیا ہے اور وہ ناجائز خیالات رکھتے ہیں۔ اگر ہمارے ہاں ٹی وی آجائے تو ہمارا نوجوان طبقہ اس سے تعلیمی صلاحیت بھی حاصل کر سکتے ہے۔

جناب چیئرمین :۔ مندوخیل صاحب آپ کا سوال کیا ہے؟

جناب صوبیدار خان مندوخیل :۔ یہ بوسٹر کب لگے گا جناب!

Khawaja Ahmad Tariq Raheem: I share his anxiety.

Mr. Chairman: No. No. Please just answer the question.

وہ کہتے ہیں کہ بوسٹر کب لگے گا۔

جناب صوبیدار خان مندوخیل :۔ ژوب کے ایریا میں نہیں ہے۔ گوادر میں نہیں ہے

جناب خواجہ احمد طارق رحیم :۔ اس کے لئے یہ علیحدہ سوال پوچھ لیں۔ یہاں تو مکران کی بات تھی

I assure the honourable Senator that I share his anxiety and I fully sympathize with it and, in due course, *Insha Allah Talah*, we will try

[Khawaja Ahmed Tariq Raheem]
and have this network extended to the entire Baluchistan which is very much part of Pakistan.

Mr. Chairman: Thank you. Supplementary Question by Mr. Hussain Bukhsh Bungalzai.

میر حسین بخش بنگلزئی: ضمنی سوال۔ گرامی قدر منسٹر صاحب سوالات کے جوابات کے حوالے سے پچھلی حکومت پر بڑے نشتر برساتے ہیں۔ میں یہ عرض کروں گا کہ بیشک بلوچستان بھی پاکستان کا حصہ ہے لیکن بلوچستان کے ساتھ جو سلوک ہوتا رہا وہ اس سے پہلے ۱۹۷۰ء والی حکومت میں بھی رہا، مارشل لاء حکومت میں بھی رہا۔ ماشاءاللہ آج اس انقلابی دور میں آپ اس پر ضرور روشنی ڈالیں گے۔ مگر آپ ذرا یہ مہربانی کر کے فرمائیں کہ قلات میں ٹی وی بوسٹر کب لگ رہا ہے؟

جناب چیئرمین: میرے خیال میں وہ کہہ چکے ہیں کہ کوشش کریں گے۔

میر حسین بخش بنگلزئی: کوشش تو کریں گے لیکن سوال یہ ہے کہ یہ کوششیں کب بار آور ہوں گی؟

جناب چیئرمین: طارق صاحب آپ کے پاس کوئی یقینی اطلاع ہے؟

خواجہ احمد طارق رحیم: میرے پاس کوئی یقینی اطلاع نہیں ہے لیکن

I can assure him that we will try our level best because, in due course, we have to do it.

Mr. Chairman: Well. Last question, Dr. Mahbubul Haq.

Dr. Mahbubul Haq: Mr. Chairman, the honourable Minister is very generous in promising that T.V. coverage will be extended all over Pakistan and every other facility that comes up for discussion that they will remedy the ills of the past. Can I ask him seriously? Have they estimated as to what is the resource cost of these programmes and have they got any plans? How they are going to raise these resources?

Mr. Chairman: Addressing (Khawaja Ahmad Tariq Raheem) Have you this information?

Khawaja Ahmad Tariq Raheem: I don't have the informa-

tion. I think, I didn't expect this question from the former Finance Minister.

Mr. Chairman: One last question Mr. Sohrab Khan Khosu because he belongs to Baluchistan.

Dr. Mahbubul Haq: Just a response, Mr. Chairman.

Mr. Chairman: I think, the proper answer is — that he does not have the...

Dr. Mahbubul Haq: This is a very serious forum i.e. the Senate and I would only request the Minister that he has to be a little more serious in his answers..

Khawaja Ahmad Tariq Raheem: I will be very serious but I do expect that the question, the level of question which is asked should also be according to the forum of the Senate.

Mr. Chairman: No. No. Khawaja Sahib, I must say that the question pertains to certain information which could be obtained. If you have it, you can say that I will provide it. If it is not possible, you can find it.

Khawaja Ahmad Tariq Raheem: It is not available with me.

Mr. Chairman: O.K. Fine.

Last question by Mr. Sohrab Khan Khosu because he belongs to Baluchistan and I am sure, he has a relevant question.

جناب سہراب خان کھوسو: جناب میری آپ سے گزارش ہے کہ ٹی وی بوسٹر جلدی لگائیں تاکہ نشریات سے ہماری جان چھوٹے۔

جناب چیئرمین:- بڑی مہربانی جی۔

## PROMISED REPLIES

### ESTABLISHMENT OF NCB AT VILLAGE BAGHPUR DHERI

ASSURANCE GIVEN BY THE FINANCE MINISTER WHILE ANSWERING STARRED SENATE QUESTION NO. 15 ASKED BY MR. AKHUNZADA BEHRAWAR SAEED, SENATOR REGARDING ESTABLISHMENT OF A NCB BRANCH AT VILLAGE BAGHPUR DHERI (BHIRRAH) HAZARA.

ANSWER

The matter has been re-examined by the Pakistan Banking Council in the light of the Assurance. As a result of a survey report prepared by the nationalized commercial banks, it has been concluded that opening of a branch at village Baghpur Dheri Khanpur is not economically viable for the present. If in the future it becomes feasible to open a branch, the Banking Council will do the needful.

### SECRETARIAT ALLOWANCE

ASSURANCES GIVEN BY THE HONOURABLE MINISTER FOR FINANCE AND ECONOMIC AFFAIRS, DR. MAHBUBUL HAQ, IN REPLY TO SUPPLEMENTARIES TO STARRED QUESTION NO. 18 PUT BY PROF. KHURSHID AHMED, SENATOR, ON 15-9-1988.

### ASSURANCES

During the debate held in the Senate on 15th September, 1988 on Question No. 18, Prof. Khurshid Ahmed in supplementary questions raised the following points:—

(i) The Government should consider grant of 20 per cent allowance to A.G.P.R. as is being given to C.B.R.

(ii) While the house rent is deducted at the rate of 5 per cent from the recurring salary of the Government servant, house allowance is being on the basis of basic salary. Thus two standards are being applied whereas it should be on one and the same basis.

(iii) The house rent which is a specific expenditure and is

given to Government servant for a specific purpose should not be subjected to tax.

2. In response to the above, Dr. Mahbubul Haq, Minister for Finance assured the House that he would be glad to review any anomaly in the situation as also the issue raised about the AGPR. In regard to item (iii), he observed that in his opinion house rent should probably be tax free but he would be pleased to reconsider this matter.

3. As for item (i) above, the position is the question for extension of the concession of Secretariat Allowance to Government employees other than Federal Secretariat employees, has been reconsidered at the level of Finance Minister, but it could not be found possible to extend the said concession to the employees working in organisations other than Federal Secretariat.

4. As regards item (ii) above, it may be added that the question for grant of house rent allowance on the running pay of Government employees, was considered in detail but it could not be found possible to allow because it involved exhorbitant additional expenditure which the Government could not afford.

5. As for item (iii) above, the position is that the house rent allowance being allowed at 45% of the minimum of their pay to Government employees, is already exempt from income vide rule 4 of the Income Tax Rules, 1982.

## GRANT OF SECRETARIAT ALLOWANCE TO THE EMPLOYEES WORKING IN THE FEDERAL SECRETARIAT

The President has been pleased to decide that Secretariat Allowance @ 20% of basic pay to all Federal Government Employees in the Federal Secretariat, President's Secretariat, Prime Minister's Secretariat, National Assembly Secretariat and Senate Secretariat, shall be granted with effect from 1st July, 1988.

2. All the Deputy Secretaries and equivalent working in the Federal Secretariat, who are already receiving Special Allowance of Rs. 300/- per month or @ 20% of the pay frozen vide para 12 of this Division O.M. No. F. 1/7/Imp.II/87, dated the 1st July, 1987 would

henceforth receive Secretariat Allowance as indicated in para 1 above in lieu of the Special Allowance which will cease forthwith.

3. The Officers deputed from other Services/Departments (who do not belong to the Secretariat Group) to work in the Secretariat and who are already getting special pay or allowance, will be allowed to exercise their option to draw Secretariat Allowance at 20% of their basic pay or to continue to draw their existing special pay/ allowance, if any.

4. All other Officers/officials working in the Federal Secretariat who are already in receipt of special pay/allowance (except the categories of Private Secretaries/Personal Assistants to Ministers/ Minister for State, Secretaries, Additional Secretaries and Joint Secretaries) will also be allowed to exercise their option to draw Secretariat Allowance mentioned above or to continue drawing their existing special pays.

5. Secretariat allowance will also be admissible to all the employees of the Central Board of Revenue. Provisions of para 2 above will *Mutatis Mutandis* apply to the officers of C.B.R. wherever applicable.

6. Employees belonging to other Departments but actually work within the Federal Secretariat, will be eligible for the Secretariat Allowance as long as such employees continue to be posted for performing duties in the Secretariat buildings or offices. For such employees the criteria for eligibility will be actual performance of duties within the Federal Secretariat.

## RECOVERY OF RENT OF THE GOVERNMENT ACCOMMODATION PROVIDED TO GOVERNMENT SERVANTS

The undersigned is directed to say that a question has arisen whether for the purpose of recovery of house rent pension may also be included in the term "emoluments" drawn by a re-employed Government servant.

2. In this connection, attention is invited to Rule 25(i) of

P.A.R, 1971, notified by the Works Division, which provides that the rent of accommodation allotted to a Federal Government servants is payable @ 5% of his emoluments, as defined in rule 2(vi) (b) of the said Rules. Under Rule 2(vi) (b) of Pakistan Allocation Rules, 1971, the term "emoluments" for the purpose of recovery of rent includes pay, special pay, technical pay, deputation pay, non-practising allowance, expatriation allowance, ad-hoc relief, special compensatory allowance, pension, as defined under FR 45(C) and other pay/allowance which Government may decide for counting towards realisation of rent.

3. Under FR 45(C) the term 'emoluments' includes:—

(i) Pay.

(ii) Payment from general revenues and fees if such payments or fees are received in the shape of a fixed addition to monthly pay and allowance as part of the authorised remuneration of post;

(iii) Compensatory allowances, other than travelling allowance and uniform allowance paid to nurses in hospitals, whether drawn from general revenues or from a local fund;

(iv) Exchange Compensation Allowance;

(v) Pension, other than a pension drawn under the provisions of Chapter XXXVIII of Civil Service Regulations, or compensation received under the Workmen's Compensation Act, 1923, as subsequently amended.

4. Audit instruction below FR 45(c) clarifies that the word pension occuring in FR 45(c) (v) means the full sanctioned pension prior to commutation.

5. In view of the above, it is clarified that for the purpose of recovery of house rent, pension is to be included in the term "emoluments" drawn by a re-employed federal government servant.

## RECOVERY OF RENT OF THE GOVERNMENT ACCOMMODATION PROVIDED TO GOVERNMENTS SERVANTS

The undersigned is directed to refer to this Division's O.M. No. F.8(63)R.14/83-143, dated 25-2-1984, on the subject noted above, and to say that under Rule 25(i) of Pakistan Allocation Rules, 1971, the rent of accommodation allotted to a Central Government Servant is payable @ 5% of his emoluments, as defined in Rule 2(vi) (b). Under Rule 2(vi) (b) "emoluments" for the purpose of recovery of rent includes pay, special pay, technical pay, deputation pay, non-practising allowance, expatriation allowance, ad-hoc relief, special compensatory allowance for Islamabad, pension as defined under F.R. 45-c and any other pay/allowance which Government may decide for counting towards realisation of rent.

2. F.R. 45-C provides as under:—

"F.R. 45-C. For the purpose of rules 45-A and 45-B, "emoluments" means:—

(i) Pay;
(ii) Payments from general revenues and fees. If such payments or fees are received in the shape of a fixed addition to monthly pay and allowances as part of the authorised remuneration;
(iii) Compensatory allowances, other than travelling allowances and uniform allowance paid to nurses in hospitals, whether drawn from general revenues or from a local fund;
(iv) Exchange Compensation Allowance;
(v) Pension, other than a pension drawn under the provisions of Chapter XXXVIII Civil Service Regulations, or compensation received under the Workmen's Compensation Act, 1923, as a subsequently amended;
(vi) In the case of the Government servant under suspension and in receipt of a subsistence grant, provided that if such Government servant is subsequently allowed to draw pay for the period of suspension the difference between the rent recovered on the basis of the subsistence grant and the rent due on the basis of

the emoluments ultimately drawn shall be recovered from him."

3. Under the Scheme of Basic Pay Scales, 1983, Qualification Allowance, Teaching Allowance, Charge Allowance, Warden Allowance, Design Allowance, Performance Evaluation Allowance, Special Research Allowance, etc., have also been sanctioned to certain categories of Government Servants. All these Allowances are admissible in addition to monthly pay and allowance as a part of remuneration of post. A question has been raised whether for the purpose of recovery of rent in respect of Government accommodation allotted to a Government servant, all said allowances may be included in the term "emoluments" drawn by him. It is clarified that these allowances are included in the term "emoluments". Hence, recovery of rent in respect of Government accommodation allotted to a Government servant shall be made at 5% of emoluments inclusive of said allowances.

## APPOINTMENT OF STATISTICAL OFFICER IN SBP

ASSURANCE GIVEN BY THE HONOURABLE MINISTER FOR FINANCE AND ECONOMIC AFFAIRS, DR. MAHBUBUL HAQ IN REPLY TO SUPPLEMENTARIES TO STARRED QUESTION NO. 23, PUT BY MR. JAVED JABBAR, SENATOR, ON 15-9-1988.

As assured by the then Finance Minister the matter has again been inquired and the position is explained as under:—

(i) The Bank invited applications through public advertisement for the post of Statistical Officers (equivalent to G-17). The minimum qualification prescribed was M.A. or M.Sc., in Statistics in second division.

(ii) Written test was held on 23rd October, 1987 in which 94 candidates including six female candidates appeared. The following four candidates cleared the written test:—

(a) Miss Rashida Parveen,
(b) Mr. Azam Ali,

(c) Mr. Muhammad Javed Akhtar,
(d) Miss Qudsia Abbasi.

The written test consisted of two papers of 100 marks each. The four candidates secured the undernoted marks in the two papers:—

WRITTEN TEST

| | Candidate | Statistics *(100) | Aptitude *(100) | Total *(200) |
|---|---|---|---|---|
| a) | Miss Rashida Parveen | 51 | 63 | 114 |
| b) | Mr. Azam Ali | 58 | 55 | 113 |
| c) | Mr. M. Javed Akhtar | 55 | 52 | 107 |
| d) | Miss Qudsia Abbasi | 55 | 60 | 115 |

*Maximum Marks

(iii) The above candidates were interviewed on the 29th February, 1988 by the Selection Board consisting of the following:—

a) Mr. I.A. Hanfi, the then Deputy Governor (Chairman)
b) Mr. Khurshed Marker (Director of the Central Board of State Bank).
c) Mr. G.M. Khan Yousafzai (Director of the Central Board of the State Bank).
d) Mr. Masood-ul-Haque, (Chairman, Department of Statistics, University of Karachi).
e) Dr. Muhammad Hussain (Director, Statistics Department, State Bank of Pakistan).

(iv) Interview comprised of three parts viz., General, Pakistan Studies and Islamic Studies. In keeping with the Bank's standard practice the result of written test was not placed before the Selection Board to enable it to evaluate the candidate's mental faculties at the *viva-voce* independently. The four candidates

secured the following marks in the interview:—

| Candidates | Interview *(50) | | | |
|---|---|---|---|---|
| | General *(30) | Pakistan Studies *(10) | Islamic Studies *(10) | Total |
| a) Miss Rashida Parveen | 12 | 4 | 4 | 20 |
| b) Mr. Azam Ali | 20 | 5 | 7 | 32 |
| c) Mr. M. Javed Akhtar | 19 | 8 | 8 | 35 |
| d) Miss Qudsia Abbasi | 12 | 5 | 5 | 22 |

*Maximum Marks

(v) According to the Bank's policy a candidate must obtain 50% marks in each paper of the written test and 50% in each part of the interview to qualify.

(vi) Only Mr. M. Javed Akhtar and Mr. Azam Ali could qualify in the interview and they were selected. It will be observed that the selected candidates secured only marginally lower marks in written test than the female candidates, who could not qualify in the interview.

(vii) The Bank's recruitment policy is non-discriminatory and it is for this reason that the Interview Board is not only high-powered but also broad-based and includes an outside expert also. It may be added that the Bank has already about 25 ladies working as Officer Grade II and above. One of them is the Head of a Department. It may also be added that one of the candidates, Miss Qudsia Abbasi, has already represented in the matter before the *Wafaqi Mohtasib* and the factual position has been explained to him in detail. She has applied again for employment in response to an advertisement recently issued by the State Bank. She will be considered on merit alongwith other candidates.

(viii) The case has been reviewed carefully at the level of the Governor. The Bank does not find any justifiable

reason to interfere with the judgement of the Interview Board which was ractified by the Central Board of Directors of the Bank.

## RECEIPT OF UTILITY BILLS BY MORE BRANCHES OF THE BANKS

## ASSURANCE GIVEN ON THE FLOOR OF THE SENATE – STARRED SENATE QUESTION NO. 25

A large number of nationalised commercial banks are authorised to receive gas, electricity and telephone bills in order to alleviate the hardship of the bill payers and they are carrying out surveys to evaluate the feasibility for designating new branches for accepting utility bills.

Most of the branches in big cities are mechanised and the banks are taking effective measures to extend this facility at their other branches where load of work justifies.

To alleviate the hardship of the bill payers, facilities of shamianas and drinking water is being provided at branches accepting utility bills, except those locations where fixing of shamianas are not permitted under Municipal bye-law or where the space does not permit.

Where good number of clients utilising utility services are available then a particular branch can operate. Banks have 6,700 branches and there is no utility facility at various villages and hill statiens and as such provision of all branches is of no use. Only those branches could be operated where utilities are providing services. At all such branches bank would open counters for this purpose.

Mr. Chairman: I think, we will adjourn the House uptill 5.30 for Maghrib Prayers.

---

*(The House then adjourned for Prayers).*

---

*[The House re-assembled after interval with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair].*

---

## LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین :- رخصت کی کچھ درخواستیں ہیں۔

جناب امیر حمید رقریشی صاحب نے اپنی علالت کی بنا پر ایوان سے حالیہ مکمل اجلاس ، رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ہاؤس ان کی رخصت منظور کرتا ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین :- سید عباس شاہ ناسازئ طبع کے باعث ۲۲ر دسمبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے اس لئے انہوں نے اس تاریخ کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ہاؤس ان کی رخصت منظور کرتا ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین :- جناب محمد مختار احمد خان نے ایوان سے ۲۷ دسمبر تا اختتام حالیہ اجلاس رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا ہاؤس ان کی رخصت منظور کرتا ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین :- جناب خواجہ محمد حمید الدین صاحب نے مذہبی اور دینی مصروفیات کی وجہ سے ایوان سے ۲۷ر دسمبر ۱۹۸۸ سے ۲۱ر جنوری ۱۹۸۸ تک رخصت کی درخواست کی ہے کیا ہاؤس ان کی رخصت منظور کرتا ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین :- جناب اعجاز علی خان جتوئی نے چند ناگزیر وجوہات کی بنا پر ایوان سے ۲۷ر دسمبر تا ۲۹ر دسمبر، کی درخواست کی ہے۔ کیا ہاؤس ان کی رخصت منظور کرتا ہے۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین:** ۔ جناب احمد میاں سومرو صاحب اپنے والد کی علالت کی بنا پر کراچی تشریف لے گئے ہیں اس لئے انہوں نے ایوان سے ۲۷ دسمبر تا ۲۹ دسمبر رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا ہاؤس ان کی رخصت منظور کرتا ہے ۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین:** ۔ میر غلام حیدر تالپور نے چند ناگزیر وجوہات کی بنا پر ۲۷ اور ۲۸ دسمبر کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے ۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین:** ۔ جناب غلام فاروق نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر ایوان سے ۲۷ دسمبر سے ۲۹ دسمبر تک رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا ایوان ان کی رخصت منظور کرتا ہے ۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب چیئرمین:** ۔ جناب سید انتظار عسلی بخاری نے ذاتی مصروفیات کی بناء پر ایوان سے ۲۷ دسمبر کے لئے رخصت کی درخواست کی ہے ۔ کیا ہاؤس ان کی رخصت کی درخواست منظور کرتا ہے ۔

(رخصت منظور کی گئی)

## PRIVILEGE MOTIONS

**جناب چیئرمین:** ۔ اب جو پریولج موشنز pending پڑی ہوئی تھیں ، ان پر بحث ہو رہی تھی نمبر ۶ ، پروفیسر خورشید احمد کی جانب سے ہے ۔ پریولج موشن نمبر ۱۱ ، ڈاکٹر نورجہاں پانیزئی کی جانب سے ہے ۔ نمبر ۸ ، قاضی عبداللطیف کی جانب سے ہے ۔ نمبر ۹ جناب احمد میاں سومرو صاحب کی جانب سے ہے ۔ اور نمبر ۱۰ ، مولانا سمیع الحق صاحب کی جانب سے ہے ۔ بلوچستان کی صوبائی اسمبلی کو dissolve کرنے کے بارے میں یہ تحاریک ہیں ان پر بحث جاری ہے ۔

اس کے علاوہ ہمیں کچھ تحاریک التواء اور بھی موصول ہوئی ہیں جو کہ اسی موضوع پر ہیں ۔ ایڈجرنمنٹ موشن نمبر ۳ میر سہراب خان کھوسو صاحب کی جانب سے ہے نمبر ۴ ، اخونزادہ بہرہ ور سعید خان کی جانب سے ہے ۔ نمبر ۵ ، حاجی ملک فرید اللہ خان نمبر ۶ ، پروفیسر خورشید احمد کی جانب سے ہے ۔

اگر آپ لوگوں کو منظور ہو تو اس پہ بحث بھی اس کے ساتھ ہی کر لی جائے چنانچہ ہم اس پہ بحث جاری رکھتے ہیں ۔۔۔

میر حسین بخش بنگلزئی :۔ جناب آپ ان سب پہ بحث اکٹھی کروانا چاہتے ہیں لیکن سوال یہ ہے کہ پہلے یہ موشنز ایڈمٹ ہوں تب ہی بحث ہو سکتی ہے ۔

جناب چیئرمین :۔ آپ کا یہ کہنا صحیح ہے لیکن میں چاہتا ہوں کہ آپ کا وقت بھی بچ جائے ۔۔۔

میر حسین بخش بنگلزئی :۔ آپ کا مطلب ہے کہ اس کی ایڈمسبلٹی پر بھی بحث ہو اور اس پر بھی بحث ہو ۔

جناب چیئرمین :۔ جی اس پر بھی ہو جائے مطلب یہ ہے کہ آپ اپنا اظہار خیال کر لیں ۔ تو میں ان دونوں کو jointly دیکھ لوں گا ۔ تو اب اس پر بحث جاری رکھتے ہیں ۔ تو کون صاحب اس پہ بولنا چاہیں گے ۔ جناب جہانگیر شاہ جوگیزئی صاحب ۔۔۔ جناب قاضی عبداللطیف صاحب ۔

قاضی عبداللطیف :۔ جناب میں نے بھی ایک تحریک دی ہے ۔۔۔

جناب چیئرمین :۔ جی ہاں کل اس کو دیکھ لیں گے اور بھی اس سے پہلے ہیں لیکن ہم اس کو دیکھ لیں گے ۔ ابھی آج وہ ممکن ہے process نہ ہوئی ہو ۔ اس سے پہلے کی اور بھی ہیں سب کو دیکھنا پڑے گا ابھی بحث جاری رکھتے ہیں ۔ جناب جہانگیر شاہ جوگیزئی صاحب ۔

## RE: DISSOLUTION OF PROVINCIAL ASSEMBLY OF BALUCHISTAN

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی :۔ اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم ۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ جناب چیئرمین ! بلوچستان کی اسمبلی کی تحلیل کے متعلق بہت سے ممبروں نے اس ایوان میں اظہار خیال کیا ہے اخبارات نے بھی بھرپور حصہ لیا ہے یہ ایسا انہونا کام تھا جو کہ بہت آسانی سے ہو گیا ۔ اس کے مقابلے میں جب ہم دیکھتے ہیں کہ کوئٹہ کے میئر کے مقابلے میں بائیس solid ووٹ تھے جو ادھر ادھر کر دیئے مگر وہ میئر کو نہ ہٹا سکے ۔ مگر میں نہیں جانتا ہوں کہ میونسپلٹی زیادہ مضبوط ہونی چاہیئے یا قومی ادارہ جو قوم کو ایک آئین دیتا ہے جو قانون اور طریقہ سکھاتا ہے ۔ اگر ہم ان اداروں کو ایسے پائمال کرتے رہے چاہے اس کی وجوہات کچھ بھی ہوں ۔ بلا لحاظ اس امر کے کہ اس میں کون ملوث ہے اور کون نہیں

[Nawabzada Jehangir Shah]

یہ فکر کا مقام ہے یہ ہماری ذمہ داری ہے ہم اپنی آنکھیں کھلی رکھیں اپنے ہاتھوں کو مضبوط کریں اپنے ایمان کو مضبوط کریں اور ہر اس کام کے خلاف آواز بلند کرتے رہیں جو قوم کو نقصان پہنچاتا ہو۔ میں ڈاکٹر محبوب الحق کی اس تجویز کے ساتھ مکمل اتفاق کرتا ہوں کہ بڑی بدگمانیاں، ذاتی خیالات، پروپیگنڈے، ایک دوسرے کے خلاف الزامات، یہ اتنے بھرپور انداز میں لگائے گئے ہیں کہ جب تک ایک خاص فورم پر ان کا تجزیہ نہ کیا جائے اور اصل بات تک نہ پہنچا جائے، اس وقت تک یہ ہمارے لئے خواہ مخواہ بدگمانیوں کا طوفان برپا کرتا رہے گا۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ بلوچستان کا تاریخی، جغرافیائی، قبائلی پس منظر کے ساتھ ساتھ جو اس زمانے کی ڈیموکریسی چل رہی ہے اس کے اثرات بھی اس پس منظر کے ساتھ بتاؤں۔ تاکہ معاملے کو سمجھنے میں ہمیں سہولت ہو۔ بلوچستان کا ایریا ایک لاکھ ۳۴ ہزار مربع میل ہے جو سارے پاکستان کا ۴۵ فیصد حصہ ہے۔ وسیع و عریض صوبے کے باوجود اس کی آبادی کم ہے اور ترقی کے مواقع محدود ہیں۔ انگریز کے وقت میں اس کے چار حصے تھے۔ چار حصے اس طرح سے تھے کہ ایڈمنسٹریشن کے لحاظ سے قلات، خاران اور لس بیلہ یہ states تھیں جبکہ مکران ایک ضلع تھا۔ دوسرا ایجنٹ ٹو گورنر جنرل کا صوبہ چیف کمشنر کا صوبہ تھا۔ اس میں پانچ ضلعے تھے، کوئٹہ، ژوب، لورالائی، سبی اور چاغی، یہ سارا پختون ایریا تھا۔ سبی میں دو سب ڈویژن جو بلوچوں کے تھے۔ مری بگٹی کا سب ڈویژن، اسسٹنٹ کمشنر ان کا انچارج ہوتا تھا۔ اسسٹنٹ کمشنروں کی کل اسامیاں سترہ ہوتی تھیں۔ ۸ تحصیلدار اور ۱۵ نائب تحصیلدار ہوتے تھے۔ اسی کے اندر برٹش بلوچستان جو تھا وہ انگریزوں نے افغانستان سے لیا تھا۔ اور کوئٹہ بولان کا ایریا leased تھا۔ ژوب، لورالائی، مری بگٹی اور چاغی کے علاقے tribal area تھے جن کا تعلق گورنر جنرل کے ساتھ ہوتا تھا۔ اگر دیکھا جائے تو بلوچستان کے عوام قدیم جمہوریت نواز لوگ ہیں کیونکہ ہمارے فیصلے جرگے سے ہوتے تھے۔

جرگے چار قسم کے تھے۔ ایک لوکل، ایک ڈسٹرکٹ، ایک جائنٹ جرگہ جو شاہی جرگہ ہوتا تھا اور چوتھا پراونشل انٹر پراونشل جرگہ جس کا تعلق پنجاب سے ہوتا تھا۔ یہاں ہر سیاست تھی لیکن محدود تھی مسلمان یا احراری یا مسلم لیگی ہوتا یا خاکسار ہوتا، ہندو کانگریسی تھا۔ مگر یہ آوازیں ۱۹۴۰ کے بعد کی تھیں پہلے کی نہیں تھیں اب جناب جنگ ختم ہوتی ہے لیکن میں آپ کو بتاؤں کہ انگریزوں کے جانے

کی وجہ ہی بمبئی کی بغاوت تھی۔ اور کوئی ایسا اس وقت دباؤ نہیں تھا مجھے معلوم ہے کیونکہ میں اس وقت اسسٹنٹ کمشنر تھا۔ اور میرے ساتھ یہ باتیں ہو چکی ہیں۔ ۲۶ رمئی کے بعد برٹش بلوچستان میں اسی قبائلی جرگے نے عبدالصمد خان کو شکست دی اور کانگریس کے پنجے سے بلوچستان بچ گیا اور آج پاکستان قائم ہے اگر کانگریس جیت جاتی تو پاکستان ایک خواب ہوتا ایک پریشان خواب ہوتا۔ جیسے آجکل علامہ افغانی کا کتاب میں ایک اسلامستان کا تصور ہے۔

حضور والا! ایک نئی چیز جب کسی جگہ پہ آتی ہے تو لوگ اس کو سمجھنے سے قاصر ہوتے ہیں ٹرائیبل ہوتے ہوئے بھی اس میں fit ہونا ذرا مشکل بات ہے۔ ہمارے بارے میں ایک انگریز مصنف سنڈے من نے اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ

The Pathans are republicans by their nature. They decide their cases by the *Jirga*. But a *Mulla* can undo all what they have done..

یہ سو سال پہلے کی بات ہے

Or the Baluchs — their decisions are made by the Sardars.

اب یہ دو مختلف طاقتیں جو ابھر رہی تھیں۔ بلوچستان، پٹھان، پشتون ایریا میں یہ وہی ایریا تھا جس میں پاکستان بنا۔ اس میں سات بلوچ سرداروں نے contribution دیا اور پانچ سرداروں نے خان قلات کو لکھ دیا۔ جبکہ انگریز چاہتے تھے کہ independent رہیں اور جب میں وہاں کمشنر تھا اور ان کی حکومت آئی تو اس دشمنی کی وجہ سے انہوں نے کمشنری توڑ دی۔ جب پاکستان میں ون یونٹ بنا تو اس سے ہر آدمی بے چین ہوا، اس میں پاکستان فیکرٹ کو بالکل ignore کیا گیا۔ خود مری قبیلہ پر جس وقت فوج کشی ہوئی ہمارے علاقے میں ژوب سے جب گزریں گے تو افغانستان پہنچیں گے تو جرگے نے کہا کہ مریوں کو بالکل نہ روکا جائے جہاں جانا چاہتے ہیں جائیں اس لئے کہ ان پر ظلم ہو رہا ہے اور ہم ظالموں کا ساتھ نہیں دیں گے اور اگر انگریز کی حکومت ہوتی تو شاید دس ہفتے سے بھی زیادہ وقت نہ لگتا۔ لیکن چونکہ یہ سی ایس پی افسر جنہوں نے اس ملک کو بگاڑا تھا ان کا کردار تھا۔ جب ون یونٹ ٹوٹا تو سارے بلوچستان کو ایک صوبہ بنا دیا گیا۔ ون یونٹ سے پہلے بلوچستان کی state unions بنی تھیں۔ اس کا اپنا وزیر اعظم تھا سب چیزیں ان کی اپنی تھیں

[Nawabzada Jehangir Shah]

اب یہاں پر نیپ کے بھی دو ٹکڑے ہو گئے۔ ایک پشتون خواہ بن گئی اور ایک نیپ بن گئی اس کے پیچھے بھی ایک خاص وجہ تھی کہ کیوں انہوں نے اپنے آپ کو جدا جدا تشکیل کیا اور کیوں پٹھان اور بلوچ کے درمیان چپقلش ہے اعتماد ی بڑھی اور ایک دوسرے پر شک و شبہ قائم کرتے رہے اس کے پیچھے بھی ایک گھمبیر طاقت ہے جس کی جڑیں دور دور تک پھیلی ہوئی ہیں۔

پٹھانوں کے پاس اگر کسی شخص کے پاس کوئی ملا یا پیر جائے تو وہ اس کے خون کو بھی بخش دیں گے۔ موسیٰ خیل کا ایک قصہ سناتا ہوں ملا صاحبان کا نشان "گھوڑا" تھا۔ ایک آدمی کو یہ خیال آیا کہ شاید اس نے گھوڑے کے نشان پر مہر نہیں لگائی، وہ پولنگ آفیسر کے پاس گیا کہ مجھے ایک اور کاغذ دے دو، اس نے کہا کہ اور کاغذ تو نہیں ملے گا، اس نے کہا کیسے نہیں ملے گا! میری بیوی کو طلاق ہو جائے گی۔ چنانچہ وہ گھر گیا۔ بندوق لایا اس میں گولی بھری اور اسے کہا کہ مجھے تم کاغذ دیتے ہو یا نہیں دیتے؟ آخر اس نے ڈر کر اسے کاغذ دے دیا اس نے ووٹ ڈالا اور جا کر دو رکعت نفل پڑھے کہ شکر الحمدللہ کہ میری بیوی کو طلاق نہیں ہوئی اور میں مسلمان ہوں اب آپ دیکھیں کہ جس وقت یہ نیپ کے ساتھ مل گئے تو نیپ نے ان علماء کو ذلیل کرنے کے لئے ان کو ایکسائز ڈیپارٹمنٹ دیا جس میں ایک شراب کا کارخانہ بھی تھا انہوں نے اس سے انکار نہیں کیا۔ یہ اس لئے تھا کہ وہ لوگوں میں بدنام ہو جائیں۔ بجائے اس کے کہ وہ ان کے علم سے فائدے اٹھاتے انہوں نے الٹا ان کو بدنام کیا۔ پھر آپ نے دیکھا کہ مارشل لاء آیا پھر موجودہ الیکشن ہوا۔ اس الیکشن میں دو پارٹیاں واضح طور پر سامنے آئیں ایک علمائے دین کی اور ایک بلوچستان الائنس — بلوچستان الائینس ہے کیا چیز۔ جو بھی سیاسی جماعت کسی بڑی سیاسی جماعت کا حصہ نہ ہو اس کا کوئی مقصد ہوتا ہے اسے سمجھنے کے لئے قوم کو متوجہ ہونا چاہئے۔ یہ چھوٹی چھوٹی سیاسی پارٹیاں بنانے کا مقصد کیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ جس وقت روس افغانستان میں آیا وہاں پر لوگ بہت خوش تھے کہ آزادی ملے گی۔ ۱۹۴۸ کی خان قلات کی ایک سکیم تھی۔ بلوچ ایمپائر۔ ایران افغانستان پاکستان ان سب نے مل کر ایک بننا تھا۔ اس پر خان بہادر خان نے استعفیٰ دے دیا یہ ۱۹۴۸ کی بات ہے اس نے اعلان کر دیا۔ اسکا شاہی جرگہ ہمارے جرگہ سے علیحدہ ہو گیا اور یہ بات واضح ہو گئی اور خان قلات کے جو عزائم ہیں وہ ریکارڈ پر بھی ہیں اخبار میں بھی ہیں اس کے دربار میں جو تقاریر

بزنجو کی ہیں وہ بھی ایسی نہیں ہیں کہ جو چھپی رہیں۔

اب افغان مجاہدین نے روس کو آگے بڑھنے سے روکا۔ وہ فیکٹر ختم ہو گیا اب دوسرا فیکٹر کیا ہو سکتا ہے۔ دوسرا فیکٹر، اب ملک میں جمہوریت ہے وجہ کیا ہے کہ سردار عطاء اللہ اب تک لندن میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس سلسلے میں اس کمیٹی میں اس فیکٹر کو بھی دیکھا جائے کہ وہ کیوں بیٹھا ہوا ہے۔ سترہ ہزار سریوں کو لے کر وہ کابل میں کیوں بیٹھا تھا۔ اس وقت تو ٹھیک تھا کہ جب میں آؤں گا ہراول دستے کے ساتھ آؤں گا لیکن وہ فیکٹر ختم ہو گیا اب دوسرا فیکٹر جو ہے جو ہمیں وہاں سے معلوم ہوا ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ اگر ہم اسمبلی سے ایک ریزولیوشن پاس کریں کہ ہم پاکستان کا حصہ نہیں ہیں تو ہم جلاوطن حکومت بنا سکتے ہیں۔ تو یہ بھی ایک فیکٹر ہے دوسرا فیکٹر خود جمالی ہے۔ میں ایکشن کے دوران جمالی صاحب کے پاس گیا تھا۔ میں نیوٹرل شخص کی حیثیت سے کہوں گا ان کے ساتھ ہماری دوستی ہے ہم اس کے بدخواہ نہیں ہیں۔ بہت محنت کی۔ سنتے ہیں کہ سات آدمی گریڈ ۱۷ میں اور سینکڑوں آدمی اور بھی بھرتی کئے ہیں کروڑوں روپیوں کا یہ کیا وہ کیا۔ وہ تو اس وقت معلوم ہو گا جب یہ پبلک اکاؤنٹ کمیٹی کے پاس آ جائے گا۔ اب عام تاثر یہ ہے کہ بگٹی نے آنا تھا اور جمالی کو خوار کرنا تھا تو اس سے پہلے کہ بگٹی اوپر آتا اس نے اپنے آپ کو ختم کر لیا۔ یہ اس سے بہتر تھا۔ دوسری بات یہ ہے کہ اس نے کہا کہ (یہ جمالی نے بیان دیا) لوگ بعد میں سمجھیں گے کہ میں نے جو کچھ کیا ہے اچھا کیا ہے۔ اگر وہ بگٹی فیکٹر تھا۔ جس کے عزائم وہ تھے جو میں نے مختصراً آپ کے سامنے بیان کئے۔ اس کی وجہ سے اگر اس نے توڑا ہے تو پھر تو یہ شخص اس قابل ہے کہ اس کی تعریف کی جائے لیکن پھر بھی اس کو اندھیرے میں رکھنے کا کیا مطلب ہے۔ اس فیکٹر کو بھی لیا جائے اتنا بڑا جرم اتنی بڑی سازش جو اس ملک میں ہوئی ہے اس کو اندھیرے میں رکھنے کی کیا بات ہے اس کی تو باقاعدہ انکوائری کی جانی چاہئیے تھی کہ اس آدمی کے عزائم کیا ہیں۔ خوامخواہ گمان ہے انٹیلی جنس کی ان رپورٹوں پر جس کی بنیاد نہیں کیونکہ مجھے خود پتہ ہے کہ انٹیلی جنس کی رپورٹس کیا ہوتی ہیں۔ کیسے کیسے ان میں جھوٹ ہوتے ہیں لیکن ہم کیوں ایک جرم پر جو قوم کے خلاف ہوتا رہا ہو خاموش رہیں یا اس سے چشم پوشی کریں۔ ہمیں چاہیئے کہ ہم اپنے تمام بھائیوں کو اکٹھا

[Nawabzada Jehangir Shah]

کر کے کہیں کہ بھئی یہ ہو رہا ہے۔ اگر بے انصافی ہو رہی ہے تو بے انصافی کو ختم کرو، معاملہ صاف ہے، یہ بھی نہیں تھا۔ اب تیسرا فیکٹر ملا صاحب کا ہے۔ آپ یقین جانیں کہ ملا صاحبان ایک گاؤں سے دوسرے گاؤں میں متعارف نہیں تھے۔ مگر کیا تھا، جماعت اسلامی ہے۔ آپ دیکھیں جماعت اسلامی کو میں ۱۹۷۵ سے سمجھتا ہوں یہ کردار سازی کرتی ہے مگر فکر سازی نہیں کرتی وہ کہتی ہے کہ چار آدمی ٹھیک ہے سمجھ جائیں۔ اس لئے یہ فیلڈ میں نہیں آتی۔ دوسرا ہے درخواستی گروپ، ان کے لوگ معمر لوگ تھے پرہیزگار لوگ تھے۔ ان کو بھی یہ حربے نہیں آتے جے یو آئی فضل الرحمان گروپ تھا یہ بالکل کانگریسی ٹائپ کے لوگ تھے۔ لوگوں کو کہا کہ یہ قرآن ہے اب قرآن کسی پٹھان کے گھر میں جائے وہ کیسے انکار کر سکتا ہے اور جس نے انکار کیا ہے سمجھو کہ اس نے اپنے لئے دوزخ قبول کیا ہے۔ جس دن نماز ہوئی، نمازیوں سے ملا صاحب نے تقریر کی کہ اب دعا کرو جنہوں نے اسلام کے خلاف کام کیا ہے توبہ کرو کہ شاید اللہ تعالیٰ تمہاری توبہ قبول کر لے یعنی اس طرح کے ذہن کے ساتھ کیا ہم الیکشن اس طرح سے لڑیں گے، ہم کو اسلام چاہیئے، اسلامی نظام چاہیئے لیکن ہم اسلام دھوکے سے نہیں لانا چاہتے۔ ہم کوئی چیز دھوکے سے رشوت سے نہیں لانا چاہتے۔ دباؤ سے نہیں لانا چاہتے۔ یہ میری سپیچ ہے قلعہ سیف اللہ میں اور فورٹ سنڈیمن میں، اور یہی میں کہتا ہوں ملاؤں کو بھی کہا سب لوگوں کو اب اگر ملا صاحبان مجھ سے مشورہ کرتے تو میں ان سے کہتا کہ ملا صاحبان آپ کسی دوست کو نہ لے لیں بس ہر چیز پر نعرہ لگاؤ اسلام اسلام کر کے کسی کو غیر قانونی کام نہ کرنے دو۔ یہ ان کی عزت ہوتی مگر وہ بڑے سیدھے سادے لوگ تھے اور اگر وہ چاہتے کسی منصب کو تو ان کا حق تھا۔ چیف منسٹری کا لیکن کیوں نہیں دیتے باقی بیٹھ جاتے، ملاں کا بھی حق تھا، جب وہ اکثریت سے آئیں گے تو نہ آنے دینے کا مطلب کیا ہے، ان کو آنے دیتے۔ کیا مفتی محمود نہیں آیا تھا؟ یہ بھی آتے پھر اس کے بعد ان کا اچھا برا سامنے آتا۔ ہم نے اس کا گلا اس وقت گھونٹ دیا جب اس کو سیاست کا بھی پتہ نہیں تھا۔ اس کو تو صرف ایک آدمی Join کرتا تھا۔ انہوں نے ہم سے مشورہ نہیں کیا۔ بلکہ ایسے بڑے علما تھے جیسے قاضی صاحب تھے، جیسے مولوی صاحب اور تھے وہ، ان سے مشورہ کر سکتے تھے اور وہاں ان کو اچھی طرح گائیڈ کر سکتے تھے۔

اب آتے ہیں پیپلز پارٹی فیکٹر کی طرف، پیپلز پارٹی دونوں طرف سے نہیں بچ سکتی اس لیے نہیں بچ سکتی کہ وزیراعظم اگر وہ خواب میں بھی اپنے ملک سے تغافل ہو جائے تو اس نے حق ادا نہیں کیا اگر وہ کہے کہ مجھے نہیں معلوم تو کیوں نہیں معلوم، اگر آپ کو معلوم تھا تو پھر آپ نے یہ گھناؤنا کام کیوں کیا۔ بہرصورت میرے ذہن میں یہ ہے کہ یہ صرف جمالی اور گورنر تک محدود ہے کہ جلدی سے ایکٹ کرو، اگر گورنر صاحب صدر صاحب سے پوچھتے یا وزیراعظم صاحب سے پوچھتے تو ممکن ہے اس کا منصوبہ کامیاب نہ ہوتا پھر میں محبوب الحق کی تجویز کے ساتھ بالکل سو فیصد اتفاق کرتا ہوں کہ وزیراعظم کمیٹی میں آئے اپنی صفائی پیش کرے گا موسیٰ صاحب آئیں اپنی صفائی پیش کریں، جتنے بھی فیکٹرز ہیں ان سب کا تجزیہ ہم کریں گے اور پھر لوگوں کو بتائیں گے کہ اصل بات یہ ہے پھر اگر ان پر الزام ثابت ہوا، تو ہم پر فرض عائد ہوتا ہے کہ جہاد کریں حق کے لیے اس ملک کے بچاؤ کے لیے اگر نہیں ثابت ہوتا تو ہم اس کی عزت کرتے ہیں لیکن ساتھ ہی یہ تنبیہہ کرتے ہیں کہ غفلت ملک کو توڑتی ہے غفلت ملک پہ تباہی لاتی ہے حاکم بیدار نہ ہو تو لوگ آرام کی نیند نہیں سو سکتے ہیں۔ اور ساتھ ہی ساتھ میں یہ کہتا ہوں کہ ہمارا بچاؤ، اور اس ملک کی ترقی امن و امان صرف اسلام کے قانون میں ہے۔ اسلامی نظام میں ہے اسلامی بصیرت میں ہے اور کسی چیز میں نہیں ہے۔

میں ایک بار پھر اسی بات کا اعادہ کرتا ہوں کہ آپ اس تحریک کو کمیٹی میں بھیجیے، وہاں کھلے دل سے حکومت اپنا نقطہ نظر، اپنی صفائی پیش کرے تاکہ بدگمانیاں ختم ہو جائیں کسی کے اوپر غلط الزام لگانا ہمارا شیوہ نہیں جمالی اور گورنر نے کس طریقے سے ایکٹ کیا ہے یا تو بگٹی فیکٹر دیکھ کر کے ڈرایا ہے اور میرا خیال ہے یہ بگٹی فیکٹر زیادہ مؤثر ہوگا اور اگر یہ ہے کہ بگٹی فیکٹر ایسا تھا جیسا کہ مجھے پتہ ہے۔ تو پھر تو جمالی جو ہے اس کو ہم مبارک باد دیتے ہیں کہ آپ نے اچھا کیا اور اگر یہ فیکٹر نہیں ہے اپنی جان کا فیکٹر تھا بگٹی کے ڈر سے کہ کل ہماری انکوائری ہوگی اس لیے بہتر ہے، کہ نہ کھیڈاں گے نہ کھیڈن دیاں گے، چلو ایسے بات ہو جائے۔ پھر اس کے بعد دوسری چیز ہے

[Nawabzada Jehangir Shah]

وہ کہتا ہے کہ میں نے استعفیٰ دیا تھا اب استعفیٰ کا کیا مطلب ہے یہ پھر ایک اور کنکر ہے جو اس نے ڈالا ہے، کہ ایک اور "اڑیکا" ڈال دیا اگر آپ ۲۴ گھنٹے پہلے مستعفی ہو چکے تھے تو پھر تو آپ کو کوئی حق نہیں تھا کہ آپ گورنر کو اسمبلی توڑنے کا مشورہ دیتے اب اس میں دو نظریات ہیں یا تو یہ ہے کہ منسٹر کو صوبے سے لڑا دیں یا پھر یہ ہے کہ ایک اوپننگ دے رہا ہے قانون کو کہ وہ اس بات کو پکڑ کے اور دوبارہ سے یہ کہیں کہ

Legally he was not a Chief Minister, therefore, the Assembly could not have been dissolved.

یا یہ فیکر ہے بہرصورت ہم تو ایسے ہی خیالی گھوڑے دوڑا رہے ہیں اخبار کی باتیں پڑھ رہے ہیں اس کے مخالف بھی سن رہے ہیں جو اپنے ڈیفنس میں ہیں وہ بھی سن رہے ہیں بات اسی وقت سچی ہوگی جب کمیٹی کے سامنے شہادت پیش ہوگی اور اس کے بعد پھر اس قوم کو بتائیں گے کہ کیا کرنا چاہیئے قوم کو پھر حق ہے کہ اپنا لائحہ عمل متعین کرے، میں اس بات کا بھی مخالف ہوں کہ آپ قانون سے پہلے اس مسئلے کو لے کر گلیوں میں چلے جائیں یہ بھی غلط بات ہے ہم اس وقت گلیوں میں جائیں جب وقت ہم کو پورا ثبوت مل جائے شہادت مل جائے کہ فلاں کا ذہن کیا تھا اور کیا نہیں تھا، ان الفاظ کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین:۔ شکریہ! جناب طارق چوہدری صاحب

جناب محمد طارق چوہدری:۔ بسم اللہ الرحمان الرحیم، شکریہ جناب چیئرمین! مجھے ان تحاریک التوا اور استحقاق کی تحریکوں کی مشترکہ طور پر ایڈ میسبلٹی پر بات کرنا ہے لیکن ؎

ہر چند کہ ہو مشاہدہ حق کی گفتگو
بنتی نہیں ہے بادہ و ساغر کہے بغیر

یہاں تھوڑی بہت بادہ ساغر کی بات بھی ہوتی ہے کیونکہ یہ بالکل ہی دو اور دو چار کی طرح بات نہیں کی جاسکتی ہے تو یہ بات ہے رات کی، رات تین بجے کا

واقعہ ہے اور احمد ندیم قاسمی نے کہا کہ

چاند اس رات میں نکلا تھا مگر اس کا وجود
اتنا خون رنگ تھا جیسے کسی معصوم کی لاش
تارے اس رات بھی چمکے تھے مگر اس ڈھب سے
جیسے کوئی جسم حسین کٹ جائے قاش بہ قاش
اتنی بے چین تھی اس رات مہک پھولوں کی
جیسے ماں جس کو ہو کھوئے ہوئے بچے کی تلاش

جناب یہ تین بجے شب کا واقعہ ہے جب ناہدان شب زندہ دار خدا کے حضور جھکتے ہیں۔ اور رحمتیں فرشتے لے کر نازل ہوتے ہیں، لیکن ایسی ہی اندھیری راتوں میں شیاطین بھی اپنے لشکروں کے ساتھ برآمد ہوتے ہیں اور اپنے بندوں کو ورغلایا کرتے ہیں۔ اب مجھے نہیں پتہ ہے کہ یہ کس رحمت کا نتیجہ ہے یا کس شیطان کا بہکاوا ہے بہر حال ہماری تو عجیب حالت ہے ہمارے ایک سیکرٹری جنرل، قسم کے جرنیل ہیں انہوں نے تقریر کی، فرمایا کہ میں سپاہی تھا سپاہی ہوں سپاہی رہوں گا۔ تو پیچھے سے کسی نے آواز لگائی، شاباش ترقی نہ کرنا۔ تو آج سے دو سو تیرہ دن پہلے اس قسم کا لیکن اس سے بہت بڑا حادثہ وقوع پذیر ہوا تھا اور تب بھی میں نے اس پر تحریک استحقاق دی اور جناب چیئرمین اس وقت اس واقعہ کی صفائی کا ناخوشگوار فریضہ آپ کو انجام دینا پڑ رہا تھا جیسے آج میرے دوست طارق رحیم اور اعتزاز احسن صاحب کو انجام دینا پڑ رہا ہے۔ یہ تب بھی غلط تھا آج بھی غلط ہے۔

جناب چیئرمین:۔ اس وقت بھی وزیر قانون کو انجام دینا پڑ رہا تھا اب بھی وزیر قانون کو انجام دینا پڑ رہا ہے۔ فرق کوئی نہیں ہے۔

چوہدری اعتزاز احسن:۔ لیکن صفائی تو اس کو دینا ہوتی ہے جو کوئی ملوث ہو ہم تو اس میں ملوث نہیں۔

جناب محمد طارق چوہدری:۔ جناب سینیٹ کا استحقاق تو یہ بنتا ہے اس لئے کہ سینیٹ کا ادارہ

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhary]

براہ راست صوبائی اسمبلیوں کے ذریعے سے ہی وجود میں آتا ہے اور صوبوں کے فرائض صوبوں کی ذمہ داریاں، صوبوں کے مسائل کو ہم برابری کی بنیاد پر طے کرنے کے ذمہ دار ہیں اب استحقاق تو ہمارا مجروح ہوا ہے۔ بات صرف اتنی ہے کہ اس استحقاق کو مجروح کرنے کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ ظفر اللہ جمالی صاحب جو بلوچستان کے وزیر اعلیٰ تھے۔ ان کے مشورے پر موسیٰ خان جو بلوچستان کے گورنر ہیں انہوں نے بلوچستان اسمبلی توڑ دی اور ابھی اس اسمبلی کو بنے جب کہ منتخب ہوئے صرف چند ہی دن ہوئے تھے اور کوئی اس طرح کی صورتحال وہاں موجود نہیں تھی کہ اس اسمبلی کو توڑ دیا جاتا مرکزی حکومت کا کردار صرف اتنا ہے کہ کیا وہ اس واقعہ سے پہلے سے آگاہ تھی یا نہیں تھی اس کے آگاہ ہونے یا نہ ہونے سے اسمبلی کے ٹوٹنے پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔ یہ اسمبلی توڑ دی گئی ہے یہ خون ناحق ہے۔ بلوچستان کے عوام کے ساتھ زیادتی کی گئی ہے۔ اور مرکزی حکومت یہ بات ببانگ دھل کہہ چکی ہے۔ صدر پاکستان کہہ چکے ہیں کہ اسمبلی کے ٹوٹنے کا مجھے پہلے سے کوئی علم نہیں تھا جب یہ واقعہ ہے تو مرکزی حکومت کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہونا چاہیئے کہ استحقاق کی یہ تحریک منظور کر لی جائے اور اس ایوان کی استحقاق کمیٹی اس کی پوری چھان پھٹک کرے اور پھر وہ حقائق عوام کے سامنے لائے اور بتائے کہ اس سازش میں کون ملوث تھا۔ اور اس کے پیچھے کیا اغراض و مقاصد کارفرما تھے۔ کیونکہ ہر فریق دوسرے پر الزام عائد کرتا ہے۔ اب اسمبلی ٹوٹ گئی لیکن اسمبلی جب وجود میں تھی اور صوبہ بلوچستان میں تھی تب آئی جے آئی کی حکومت تھی۔ جب اسمبلی توڑ دی گئی تو ظفر اللہ جمالی صاحب کو فوری طور پر مسلم لیگ سے نکال دیا گیا۔ تب وہ پیپلز پارٹی کی طرف منسوب ہوا۔ لیکن ایک تیسرا فریق بھی یہاں موجود ہے۔ پاکستانی سی آئی اے پاکستانی سی آئی اے کے کردار کو نہیں بھولنا چاہیئے یہ تیسرا فریق سی آئی اے کی طرح اس طرح منہ زور ہے جس طرح سی آئی اے کا سربراہ شاید بعض اوقات صدر امریکہ سے بھی زیادہ طاقتور ثابت ہوتا ہے۔ اس طرح پاکستانی سی آئی اے کا سربراہ یہاں کی حکومتوں کے مقابلے میں ہمیشہ منہ زور ثابت ہوا ہے لہذا اس تیسرے فریق کے کردار کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ہے اور

یہی وہ نکتہ ہے یہی وہ جگہ ہے جس کو بطور خاص جانچنے کی ضرورت ہے اور اس لئے یہ تحریک استحقاق اس ایوان کی کمیٹی کے سپرد ہونی چاہیئے تاکہ یہ ہمارا سیاسی ادارہ اس بات کا کھوج لگائے اور ان پردہ نشینوں کو سامنے لائے جو درحقیقت اس کے ذمہ دار ہیں ۔

جناب چیئرمین :۔ شکریہ جی ۔ جناب محمد علی خان صاحب ۔

Mr. Muhammad Ali Khan: Mr. Chairman Sir, it is said that history repeats itself, the most hasty and drastic action taken recently in Balochistan proves it to be so. If you remember earlier a duly elected provincial government was dismissed and now an elected Assembly was dissolved without any reason. In both the cases the victim happens to be poor Baluchistan. What a coincidence! Sir, it is indeed very unfortunate that by dissolving the Provincial Assembly in Baluchistan a very tense political situation has been created by the authorities concerned. This action was absolutely uncalled for. It may have been perfectly legal. Had the Chief Minister in Baluchistan not submitted his resignation earlier even then morally and ethically it had no basis whatsoever. After submitting his resignation he had no authority whatsoever to request the Governor for the dissolution of the Provincial Assembly nor could the Governor take a unilateral action in this connection. Sir, what was the necessity for the government to creat such a tense situation/and to resort to such an extreme measure ? What was the idea of creating unnecessary crisis in the country? I am definite it had certain specific motives. It was to warn, frighten and threaten other provinces and I am sorry to say that the process had already been started. If we read certain statements of various Federal Ministers in the Press, one can easily read between the lines. For example

موجودہ حکومت زیادہ دیر تک نہیں رہ سکتی ، says one while another has expressed great hopes that the PPP would gain a lot of strength after the dissolution of the provincial assembly in Baluchistan and in the same breath he deplores that his party is being blamed for the dissolution of that assembly. Again when asked about the part the two Ministers from the Central Cabinet played, he expresses his ignorance. I can say only one thing.

Sir, we all know that political problems can not be solved in this manner if you try to twist one problem you inadvertently create another one and unfortunately this goes on and becomes an unending cycle. It amounts to opening a Pandora's box. Sir. there is a saying in Pushto which roughly means that you should not be afraid

"کہ اس سادگی پہ کون نہ مر جائے اے خدا"

[Mr. Muhammad Ali Khan]
of that 'Bala' that difficulty, that trouble or crisis for that matter when there is a night in between. My brother in Baluchistan did not even care for the night to pass. It is alleged that at his request the Governor of the province dissolved the provincial Assembly round about mid night. So, this amply shows the gravity of the situation most probably a vote of no confidence was in the offing. Had he waited for the sun to rise I am sure the cat would have been out of the bag and that is why this drama of cloak and dagger was enacted overnight. Sir, what a way to defend, protect and save so called newly acquired political partners.

Now, the solution that has been offered by the Government is that aggrieved party should go to the people's court. The Government should realize that the poor people of Baluchistan have just come out of the people's court and the marks of indelible ink on their thumbs have not yet been cleared and yet the Government think that they should go and ask for the verdict of the people. Were the rulers ready to ask for the verdict of the people immediately of election of the 1977? My only advice to them would be

'ہرچہ خود نہ پسندی بدیگراں مپسند'

Sir, this most hasty and drastic action has been condemned universally through out the country even by the political partners of the present regime in NWFP in the strongest possible terms. But when we dare in the Senate to raise certain questions or try to criticise some wrong actions of the Government, some of the Ministers, I am sorry to say, think it apt and proper to blame us for coming into this House with pre-conceived ideas and showering motives left and right I can only say:

ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بد نام
وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا

Sir, we have also been accused of keeping mum, keeping quiet when the illegal act of 29th May, 1988 was taken. I am sorry to say, it is absolutely wrong and I, again, repeat it is absolutely wrong. The old Muslim Leaguers who happened to be freedom fighters in this very House condemned it bitterly and dubbed it as a stab in the back of democracy. The State Minister for Information is a witness to it and the record of the Senate would prove to the personality concerned.

Sir, it is also absolutely incorrect that the *Islami Jamhuri Ittehad* intends to start street agitation. I can say without any fear of contradiction, there is not even an iota of truth in it. It is mere an allegation and accusation of the highest order. Sir, the most astonishing part of the drama is that it is completely disowned by the Chief Executive of the country. Despite the fact that the leading role which was played by a retired General who happens to be a great disciplinarian who acts accordingly and has led all his life in great discipline would never have done such a thing. He is the firm believer in the chain of command. I know him very well because I have served under him. Sir, even a layman like me would not believe it. This is well nigh impossible for us to believe that such a drastic action could have been taken without the knowledge or previous assent of the Prime Minister of the country.

Sir, now we have been told that certain new conspiracies have been unearthed and this was regarding the dissolution of the Assembly in the NWFP in a similar manner. Even a political ally of the present regime has been named who is alleged to have complained of great stress and pressure on him for the dissolution of that Assembly there. For the information of the House, I would like to add that this political personality is no other than the one who was arrested and tried for treachery and anti-Pakistan activities by the previous PPP Government and today, as a result of a marriage of convenience he has become a confident and a close one too.

Sir, I would like to ask as to who are the people whose hidden hands are behind all this. Does the Government intend to take any action and take the culprits to the task and expose them to the nation or is it just to sidetrack the main issue about Baluchistan? Mere hearsay would not convince the nation and I am sorry to say we have no stomach for such stories. Sir, this cloak and dagger affair is nothing short of the infamous 'Watergate Scandal' as stated by my hounourable colleague and a talented Senator, Dr. Mahbubul Haq. I am sure, that history would record it tomorrow as a 'Bollan Gate Scandal' and history would also record the difference between the two, while in America the responsibility was accepted, but here in Pakistan it is not only disowned vehemently in the print as well as the electronic media but the opposition is also being blamed for it. So, I would desist from saying

الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے

Sir, if this is the state of affairs at the very inception of the present regime then May the Almighty God save us all at this juncture. I can only offer a consolation to my brothers, the movers of this motion though rather a poor one.

ابتدائے عشق ہے روتا ہے کیا۔ آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا

Sir, with these words, I would request you to accept this privilege motion before anything further happens or before any socalled conspiracy is not only unearthed but also is declared as a successful one. I thank you, Sir.

**Mr. Chairman:** Thank you.

Dr. Bisharat Elahi.

Dr. Bisharat Elahi بسم اللہ الرحمن الرحیم

Thank you, Mr. Chairman. I thought you were not tuned to looking on this side of the House.

**Mr. Chairman:** No. I look all over.

**Dr. Bisharat Elahi:** Thank you very much. It is nearly two weeks since the sad episode of the dissolution of the Baluchistan Assembly took place but the patriot is still very hazy. The people all over the country have expressed their resentment and indignation on this unwarranted action. The nation wants to know the facts and the truth as to why the Baluchistan Assembly was dissolved? The view point from the point of view of democracy and the Constitutional political aspects of this matter have alredy been very aptly brought out by my friend Prof. Khurshid Ahmed. There are areas of suspicion surrounding this whole episode....

**Mr. Chairman:** Kh. Tariq Raheem on point of order.

**Khawaja Ahmed Tariq Raheem:** Sir, what is the distinction between reading and looking at notes when a speech is being made in the Senate?

**Mr. Chairman:** No. This is no point of order.

Khawaja Ahmad Tariq Raheem: Sir, the learned Senator is possibly reading.

Mr. Chairman: I think, the learned speaker is referring to his notes which he is entitled to do.

Khawaja Ahmad Tariq Raheem: Sir, if he is consulting the notes then it is O.K. but if he is reading, and I think he is reading then it is a different matter.

Mr. Chairman: No. No. It is for me to judge that and I think he is only referring to his notes and he is entitled to do so

Yes, please Dr. Sahib.

Dr. Bisharat Elahi: Is the Minister finding my speech very pungent, in case he feels offended I might stop.

Mr. Chairman: Please don't address each other. I would be grateful if you address the Chair. I have already ruled out his point of order. So, you kindly continue.

Dr. Bisharat Elahi: Mr. Chairman, I was saying that the areas of suspicion have been very eloquently been pointed out by my friend Dr. Mahbubul Haq, and other colleagues. But, Sir, what is most surprising that the issue has been complicated by a revelation made by no less a person than the Prime Minister of Pakistan at a press conference in Karachi on the 22nd of December, 1988, and I quote — Firstly, from the 'Daily Jang' of December 23rd, 1988, which carried this as its main news.

"سرحد اسمبلی توڑنے اور پنجاب اسمبلی سے مستعفی ہونے کا منصوبہ بنایا گیا تھا۔"

And now I quote from the 'Daily Nawa-e-Waqt' of 23rd December, 1988, which carried the following as its main news:

"بحران پیدا کرنے کی کوششیں ناکام ہوگئی ہیں، بلوچستان اسمبلی کے بعد سرحد اسمبلی
ختم کی جاتی اور اس کے بعد پنجاب اسمبلی احتجاجاً مستعفی ہو جاتی۔"

Mr. Chairman, Sir, it would appear from those revelations that the dissolution of the Baluchistan Assembly was a part of a

[Dr. Bisharat Elahi]

larger conspiracy, if there was one. I feel that the whole issue needs to be probed and probed thoroughly so that this new revelation should be sifted and studied in depth. For it is not some thing against Baluchistan Assembly, it is against democracy, it is against the very existence of Pakistan, if the allegation is true. It is our right, Sir, and the right of the people of Pakistan to know all about the so-called consipracy.

Coming back to the dissolution of the Baluchistan Assembly, we are all aware, Sir, that the episode as reported took place at 3.00 a.m. in the dead of the night on the 15th of December, 1988. I would like to refresh your memory and the memory of the members present here that a sequence of events took place before the Assembly was dissolved and I would like to mention that two of the Federal Ministers of State were present in Baluchistan on the night of December 13th and 14th and were, according to newspaper reports, fully involved in negotiations in Baluchistan with the then Chief Minister Mir Zafarullah Khan Jamali and the other parties. This, Sir, is very significant. These two Ministers were Federal Ministers, were Ministers of the party in power and I am sure that the Federal Government knew that these Ministers were in Baluchistan. Sir, may I also point out that there was very active inter-action between certain Peoples Party's activists and Mir Zafarullah Khan Jamali. It started before the elections, it continued during the elections and it gained intensity after the elections and it ostensibly culminated in the dissolution of the Baluchistan Assembly for the simple reason that the desired results could not be obtained.

We are also informed that an understanding had been reached between the JUI and BNA just before the Assembly was dissolved by the Governor of Baluchistan on the advice of the then Chief Minister who, we are now told, had already resigned 24 hours before this episode and the Governor, it is further alleged, did not consult either the Prime Minister or the President but forthwith obliged Mir Zafarullah Khan Jamali and dissolved the Assembly.

The first news of the dissolution of the Assembly was given to the nation, the Prime Minister and the President of this country through radio news at 7.00 a.m. May I ask, Sir, who gave this news to the radio station when it was only the Chief Minister and the Governor who knew about this. Sir, what is more significant is the attitude

of the Federal Government when they came to know about it. They termed it as perfectly constitutional and they said that if any body had a quarrel they could either go to the court or they could go to the people. Not a word of remorse was uttered when the Assembly had been dissolved, not one person from the Government during the initial two or three stages came to say that this was something which was undemocratic and it was something which should not have been done. However, as time went by, we have had some words of remorse but I believe that has been more of an after thought. Going by the newspaper reports, it is also reported in the press that Nawab Bugti and Maulana Fazalur Rehman were scheduled to address a press conference at 9.00 a.m. on the 15th of December to announce their agreement but unfortunately they were caught on the wrong foot and the conspiracy between the Chief Minister and the Governor took precedence over this press conference which then never took place.

May, I, Sir, through you also give some food for thought to our friends on front benches. For my own sake I would like to know what would have been the reaction of the Federal Government if they had been consulted on this issue. It is an afterthought but I think it would be pertinent.

Thank you very much, Sir.

Mr. Chairman: Mr. Asif Vardag. He is a new comer in the Senate so I think we will give him priority.

Mr. Aitzaz Ahsan: Mr. Chairman on a point of order.

Mr. Chairman: Yes please.

Mr. Aitzaz Ahsan: There are just two or three things.

I do not want to obstruct the learned member who is about to make his maiden speech. So with due apologies to him I would submit that there are now two things. One, the debate concerns the privilege motion and the other to the adjournment motion. I just want to draw your kind attention to the matter as per rules.

Mr. Chairman: Which rule are you referring to, Mr. Aitzaz Ahsan?

Mr. Aitzaz Ahsan: I am referring to chapter VIII. As far as the privilege motion is concerned, the position of the Government has been as per my first statement before this House that we will not oppose debate on it and the House may decide on its admissibility and ultimately the Chairman should rule on admissibility. The only thing we said was that it would not be perhaps a breach of privilege but we left it and we would not oppose the admissibility if the House or the Chairman so ruled.

As to the adjournment motion I refer to your kind attention Rules 76, 78 and 81. Rule 76, because we are as yet on the question of leave for the adjournment motion. I did not want to interrupt the honourable Dr. Bisharat Elahi but the fact is that, with great respect, we are going beyond the rules. Rule 76 says:

> "76.(1) Leave to make a motion shall be asked for after questions and privilege motions, if any, and before other business entered on the Orders of the Day is taken up."
>
> Rule 76(2) says:—
>
> "76(2) Leave to make a motion shall be asked for only by the member who has given notice thereof".

Then I refer to Rule 78 because we have gone beyond the half an hour also on discussion on this. It says:—

> "78. On any one day, the aggrigate time taken for asking for leave under Rule 76 or, as the case may be, the grant or withholding of leave under Rule 77, shall not exceed half an hour".

Then, Sir, Rule 81 says that even if as and when it is admitted for full debate as an adjournment motion, a speech cannot be for more than ten minutes. The rule says:

> "81. A speech during the debate on a motion for adjournment shall not exceed ten minutes in duration".

Already during discussion on the question of leave, there are longer speeches being delivered. I have no objection to that but I am just pointing out the rules. I think that Mr. Chairman, if you take the

privilege motion first and rule on that, as I said that we will not object to its admissibility subject to the Chairman's own interpretation of privilege motion whether this does amount to a breach of privilege or not, whether the privilege of any member or of the House as such has been in breach or not and secondly as to adjournment motion I would request that again the worthy Chairman will have to rule because the time prescribed at the stage of leave has gone passed and in any case the movers have more than expressed themselves and now persons who were not movers are expressing themselves and at this stage with great respect they would not have a right unless you fix a date for the debate.

Mr. Chairman: No, is it your desire that we should take up the privilege motion separately and the adjournment motion separately, is that what you want ?

Mr. Aitzaz Ahsan: That is certainly what I would have desired.

Mr. Chairman: You see on a strict interpretation of the rules you are quite right and that is why I asked for the consent of the House. I felt that during the debate on the privilege motions because the honourable members are expressing themselves on that matter and a debate for admissibility on the adjournment motion might also mean a repetition of the arguments. Therefore, I had asked for the consent of the House if I could dispose them both together but if you are serious in your objection and you want the privilege motions to be taken up separately and the adjournment motions to be taken up separately I have no objection but it would just entail a repetition of arguments and therefore it would be of no use.

Mr. Aitzaz Ahsan: What I submit Sir, is that if the Chairman rules the privilege motion in order and then I would be submitting that the matter would then be referred to a committee. If we take the adjournment motion and the Chiarman rules the adjournment motion also in order as is entirely within his province I am not for a moment saying that the decision should be one way or the other because as I said we do not object to debate in the House and the House is sovereign in its own proceedings but I would say if the adjournment motion is to be admitted for debate then a date should be fixed for it.

Mr. Chairman: No, I am not admitting anything so far. We will just get the views of the others members also. I have understood your point, let me get the views of the other members on this.

Mr. Aitzaz Ahsan: In that case you might Mr. Chairman, be also apprised because when we are debating it we have to, with great respect I submit, within the four corners of the rules but I am not objecting to the House debating it but I am pointing out another rule for instance Rule 75 which says :

Rule 75 — "A motion shall not be admissible unless it satisfies the following conditions, namely :—

*(Interruption)*

Mr. Chairman: Mr. Aitzaz, let me just point out that as far as the privilege motions are concerned you had made the statement that you would like the debate on admissibility to take place. So, you have no objection to that. The other point that you have raised is that the two should not be taken up together. Now on that *prima facie* I agree with you. I had with the consent of the House allowed that, so that there is no repetition of arguments but if you have a serious objection to that I will ask the other members and then I will give a ruling on this.

Mr. Aitzaz Ahsan: I may just point out one other point about the adjournment motions as I have submitted earlier we are in your hands completely but :

Rule 75 — "A motion shall not be admissible unless it satisfies the following conditions, namely :—

Now, I am on the adjournment motion's side.

Mr. Chairman: No, no, we have not come to that, you see what I am saying is that I accept your point *prima facie* that adjournment motions are a separate matter, privilege motions are a separate matter and the conditions of admissibility of the two are also different. I agree with that but because arguments on the matter were being addressed and I thought that the same arguments will be repeated, therefore, I had obtained the consent of the House for the two being discussed together but if you are serious in your objection.....

Mr. Aitzaz Ahsan: I am just pointing out one other rule Sir, I see the wisdom in your decision and there is no doubt about that but we just have to see the rules :

Rule 75(1)—"It shall not relate to a matter pending before any court or any other authority performing judicial or quasi-judicial functions."

Now, although you have discretion again in this matter but by the rule generally of propriety we should go by the rule as far as the adjournment motion is concerned. If we mix up the debate then this rule will come in the way. We don't know where the debate or argument or the speech on privilege motion ends and the one on adjournment motion begins, we don't know it has never been specified by the learned members.

Mr. Chairman: O.K. I get your point. Prof. Khurshid Sahib what is your view on this ?

Prof. Khurshid Ahmed: First like the delayed response of the learned Law Minister on the issue of dissolution of Baluchistan Assembly, his response to this issue is only one and half an hour late. You had presented the issue before the House and this has been a tradition in this House and the former Chairman on a number of occasions tried to club together, privilege motions and adjournment motions, if he thought that this would save the time of the House in the final analysis and would provide the House with a forum to tackle with both together. This is what you followed and if he had any objection he should have raised that objection at the time when this motion was placed before the House but he is one and half an hour late and secondly when he is referring to the adjournment motion he has omitted the proviso which is very much there on the same provision that while a case which is subjudice can also be discussed in this House provided that the Chairman may in his discretion allow such matter being raised in the Senate as is concerned with the procedure or subject or stage of enquiry and if he is satisfied that it is not likely to prejudice the consideration of the matter by such court or authority; so it is in your powers, there is no question of just dropping it at this stage, I think we are in the middle or more than half way we have been through. So, it would not be advisable to in any way guillotine the debate at this stage.

Mr. Aitzaz Ahsan: Mr. Chairman Sir, In no way, should I be understood that these words are being added unncessarily as wanting to guillotine any debate if I want to point out what the rule says and the procedure says which is prescribed for the Senate I just want the Senate to decide whether it will abide by rules or not ?

Mr. Chairman: Mr. Aitzaz please, I have understood your point.

Mr. Aitzaz Ahsan: May I just make one further submission Sir, in response the position is that the learned speakers and members are not arguing on privilege, if it is a debate on privilege very little is being said on the breach of privilege and admissibility as a matter of privilege. But the speeches are as if they are on an adjournment motion. There I have merely brought to your notice one or two impediments prescribed by the rules. I have no objection to the debate if a date for debate on adjournment motion is fixed, whichever date that may be, we will not object to a debate in this House and I repeat, I do not know why the word "guillotine" is used when I am not guillotining any debate. I sat here for one and a half an hour and I have just not raised any objection because I thought the members would in any case mis-interpret anything that comes from us. So I want to make it very clear, we do not object to the debate, we do not object to the admissibility subject to your decision but the privilege motion must be addressed on admissibility. Adjournment motion for that there are certain rules which I submit should be followed if possible.

Mr. Chairman: O.K. I will now give my ruling on this. I am quite clear that the conditions for admissibility of adjournment motion are quite different from the conditions for admissibility of privilege motions. Since you have pointed it out and it is your desire I will accept that desire and we will have a debate on the privilege motion at the moment and then separately another debate on the adjournment motion when they come so, therefore, the honourable members should address themselves on the privilege motion only.

Mr. Aitzaz Ahsan: On the admissibility of the privilege motion, not the broad view of what happened.

Mr. Chairman: Correct. We have already had a lengthy

debate on it, the parameters have been laid down, you have said you have no objection so we will have a debate now on the privilege motions and since the Law Minister has so desired we will have a separate debate on the adjournment motion. Thank you.

So who would like to speak ? Mr. Asaf Vardag.

**Asaf Fasihuddin Vardag.** Your honour this is my first day in this august House and I have listened to my friend the honourable Minister for Law and Parliamentary Affaris, the only thing I could not understand was whether he was in agreement or disagreement, I thought it was just the case of the reluctant pride. Your honour! so far as this motion is concerned there are constitutional issues, there are legal issues, there are moral issues, there are issues of the integrity of the nation, a matter about which I took oath today that I will uphold the integrity of the nation and the steps that the present Government has taken, have jeoperdised the nation as I will soon lay before this august House. Your honour a previous Peoples Party Government although it also called itself the Peoples Government did a similar thing. It dissolved an Assembly and in protest another Assembly resigned and the next result was military action in Baluchistan which was preceded by agitation and ultimately that military action led to a reliance on the Armed Forces by a previous Peoples Party Government and that reliance ultimately led to Martial Law and I would like to warn the present Peoples Party Government that the path that it is now treading, the path that it is now following is likely to lead through a similar chain of circumstances to another Martial Law.

**Khawaja Ahmed Tariq Raheem:** Sir, I would like to know that how is this rhetoric relevant to the admissibility of the motion. I would read Rule 60, I think I should remined him that :

> "a member may with the consent of the Chairman raise a question involving a breach of privilege either of a member or of the Senate or of a committee thereof."

Now, if the rhetoric could be confind to these three things that would be proper, not the historical background of whatever he may think is the historical background.

**Mr. Chairman:** Yes, the honourable member is aware of that.

He will address himself on these questions.

**Prof. Khurshid Ahmed:** Point of order. As far as the rules go I understand that Chairman is responsible for their fulfilment and he knows whether admissibility in respect of a privilege motion is being discussed or not. I think this is not the right way that in the maiden speech of a Senator interruption is made, not allowing him to develop his argument............

*(Interruption)*

**Mr. Javed Jabbar:** We welcome him to the House but why should he begin his speech by an attack which is non factual unproven.

**Mr. Chairman:** Mr. Javed Jabbar, please don't be emotional. We have already been having this debate for three days and the manner and the trend of the debate has been very obvious and clear. The honourable Law Minister has allowed this very graciously. He has not objected to it. He has said that he would in fact welcome such a debate. So, I think at this stage getting involved in technicalities when we are at the fag-end in the debate would not be appropriate. So, I would request you not to kindly interrupt the speaker and let him complete his speech.

**Khawaja Ahmed Tariq Raheem:** We would not like to interrupt him but I would say this much that let there be certain relevancy.

**Mr. Chairman:** There would be.

ڈاکٹر نورجہاں پانیزئی :- میں وزیر صاحب کو یہ یقین دلاتی ہوں کہ وہ فکر مت کریں۔ انشاء اللہ ان کی منسٹری بالکل ہے۔

خواجہ طارق رحیم :- مجھے ان کے سرٹیفکیٹ کی ضرورت نہیں ہے۔

**Mr. Chairman:** It is not point of order, it is ruled out.

Yes, Mr. Asaf Vardag.

**Mr. Asaf Fasihuddin Vardag:** In so far as the privilege of

this House is concerned, it is very well known to every one to this House that the provincial Assembly is the electoral college for all Senate members and that when the provincial Assembly is interfered with, the electorcal college of a fairly large number of members have been put into Jeopardy and the constituency is always relevant for every political leader and for every Senator. As the relevant constituency is the provincial Assembly, therefore, when a provincial Assembly is interfered with in this arbitrary and dictatorial manner, in this under-hand fashion then certainly the privilege of this House is involved. Further your Honour when an attempt is being made to change the entire completion of that provincial Assembly then certainly the members of this august House (the Senate) who are gointg to come up for re-election in 1990-91 their constituency and thir chances of re-election are jeopardized and therefore, again your Honour the privilege of this House is called in question. Now your Honour in so far as I was referring to the possible consequences of this action, I am afraid that when an attempt is made setting at naught all the forces in Baluchistan which represent the people of Baluchistan, for example the Baluchistan National Alliance, the JUI, the NAP Pakhtoon Khah, the IJI, these are all the relevant forces in Baluchistan. When these relevant forces in Baluchistan are being set at naught so that a membership of four can be brought nearer forty then certainly a lop-sided arrangement is being visualized and an artificial arrangement is being brought into effect. Such an artificial arrangement Mr. Chairman, can only be at the cost of law and order in that Province and also at the cost of the will of the people and the people of Baluchsitan have shown time and again not just during the erstwhile Government of the Peoples Party in power but also earlier that they are unwilling to accept such domination and such interference from the federation. When somebody says that the federation was not responsible it was solely Mr. Zafarullah Jamali who had already resigned his office and he was in fact not even really the Chief Minister of the Province as your Honour I will read here Article 130 Clause 3; "the person appointed under Clause 2", that is the Chief Minister, as they case may be, invited under Clause 2 (a), this is the relevant portion, "shall before entering upon the office, make before the Governor oath in the form set out in the third schedule and", this is a conjunctive and, "shall within a period of sixty days thereof obtain a vote of confidence from the Provincial Assembly."

[Mr. Asaf Fasihuddin Vardag]

Now, here your Honour, the person who was invited to become Chief Minister is referred to as "the person". It is only when he obtains a vote of confidence then he becomes the Chief Minister and only when he is the Chief Minister and then also when he is not Chief Minister, who has already resigned his office, how he can tender advice and that advice is then acted upon by the Governor.

* * * * * * * *

Your Honour, this Governor is, as my learned friend pointed out, so disciplined and so well versed in the art and science of obedience to authority that he certainly could not have acted upon on his own and specially when two very learned Ministers of State were roving around Baluchistan trying to advise the former friend and colleague to act in a certain fashion then your Honour, it just stands to reason that the Federal Government was totally involved in this conspiracy of removing a possible majority of the opposition from their point of view in the Baluchistan Assembly. Your Honour, in this situation it stands to reason that they were totally involved and when they were involved your Honour, and when responsible Ministers and the Prime Minister hereself say that the Central Government is not involved, then it certainly does not stand to reason and this, your honour, I would very respectfully submit, would be far from the actual facts and circumstances of the situation and therefore, your honour because of this reason alone this is a Government that needs to be carefully watched and the people of Pakistan are ought to be very vigilant about how this Government is behaving and in the interest of democracy the people of Pakistan must rally together and in the interest of the privilege of the House the members of the Senate should ensure that this action be set at naught. Thank you.

**Mr. Chairman:** Thank you, Mr. Vardag. Mir Sohrab Khan Kohoso.

میر سہراب خان کھوسو:۔ بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ بلوچستان جیسے صوبے کی اسمبلی کو توڑنا وہ بھی حکومت بننے کے چند دنوں بعد بڑے دکھ کی بات ہے۔ مرکزی حکومت اس میں ملوث ہونے سے انکاری ہے لیکن اس پر شک کیا جا رہا ہے۔ اس شک کی بھی کئی وجوہات ہیں گورنر موسیٰ صاحب اسلام آباد میں تھے۔ اور وہ یہاں پر وزراء سے ملاقاتیں کر رہے تھے۔ اس سے پہلے ہمارے دو مرکزی وزراء کوئٹہ میں تھے

---

**********Expunged by the order of the Chairman.

اور انہوں نے وہاں مختلف لوگوں سے ملاقاتیں کیں ۔ سابق وزیر اعلیٰ صاحب سے ملاقات کی اور رپورٹ وزیر اعظم کو پیش کی ۔ بلوچستان میں این اے اور جے یو آئی کا اتحاد ہو چکا تھا اور ان کو اکثریت حاصل تھی ۔ پیپلز پارٹی پر شک کی دوسری وجہ یہ ہے کہ سابق وزیر اعلیٰ کی سپورٹ پی پی پی کے ممبران نے کی اور انہوں نے اسے وزیر اعلیٰ بنایا ۔ عورتوں کی مخصوص سیٹ پر جمالی صاحب نے پی پی پی کی ممبر کو کامیاب کرایا ۔ محترمہ بے نظیر صاحبہ نے فرمایا کہ یہ بڑی گہری سازش ہوئی ہے ۔ سازش کرنے والے تو ظاہر ہے ایک گورنر موسیٰ صاحب ہیں اور دوسرے سابق وزیر اعلیٰ صاحب اگر اس کے علاوہ اور کوئی خفیہ ہاتھ ہے تو وہ بھی سامنے لایا جائے ۔ اب جمہوریت کے لئے ضروری ہے کہ بلوچستان کا مسئلہ جلد ہی حل کیا جائے ۔ شکریہ !

جناب چیئرمین :۔ شکریہ جناب کھوسو صاحب ۔ جناب شاد محمد خان صاحب :

جناب شاد محمد خان ۔ جناب چیئرمین صاحب ! شکریہ کہ آپ کی نظر کرم مجھ پر پڑی اور مجھے موقع دیا ۔ اس سے قبل یہ پوائنٹ جو آنریبل وزیر الفات نے اٹھایا ہے بروقت اٹھایا جاتا تو امکان تھا کہ یہ ڈبیٹ بروقت ہی ختم ہو جاتی اور آج اس نوبت کو نہ پہنچتی ۔ اس سے پہلے مقررین کو تو کھلی چھٹی دی گئی کہ وہ کھلے بندوں جس طرح چاہیں اپنی معروضات پیش کریں ۔ اب قدغن لگائی گئی ہے ۔ لہٰذا میں اپنے آپ کو اس وقت تک ہی محدود رکھوں گا ۔ حضور والا ! میں آپ کی توجہ اس رات کی طرف دلانا چاہتا ہوں جب کہ ہم اکٹھے پریذیڈنٹ ہاؤس میں ڈنر میں شریک تھے اور ۱۲/۱ بجے تک وہاں رہے وہاں میں نے اپنی آنکھیں سے دیکھا کہ جنرل موسیٰ فرنٹ روم میں بیٹھے ہوئے تھے ۔ میں یہ بھی کہوں گا کہ فصیح اقبال صاحب کو بھی انہوں نے بلایا اور ممکن ہے ان سے بھی مشورہ کیا ہو

سید فصیح اقبال : ڈپٹی چیئرمین سینٹ بھی تھے ۔

جناب شاد محمد خان : جناب والا ! جب وہ رات خیریت سے گذر گئی تو سویرے ریڈیو پر یہ بات سنائی دی کہ بلوچستان اسمبلی توڑ دی گئی ہے ۔ یہ خبر ہر آدمی پر شاق گزری اور بڑا دکھ ہوا

[Mr. Shad Muhammad Khan]

نا معلوم کس سازش کے تحت چلتی پھرتی اور بسی بسائی بستی کو اجاڑنے کا منصوبہ بنایا گیا ہے لہٰذا حضور والا! ایسی حکومت جو جمہوریت کی تعریف میں رطب اللسان ہے اس کے دور میں یہ کام ہونا واقعی قابلِ سزا جرم ہونا چاہیئے اور اس پر یویلج موشن کو منظور کر کے یہ تحقیقات کرنی چاہیئے اور منظر عام پر یہ بات لانی چاہیئے کہ اس میں کون کون ملوث ہے اور کون کون ملوث نہیں ہے۔ ایک طرف جناب والا! ظفر اللہ جمالی کو تو سزا مل گئی اپنے کئے کی وہ تو چلتے بنے۔ نگران حکومت بن گئی۔

جناب چیئرمین : شاد محمد صاحب ! excuse me جہانگیر شاہ جوگیزئی صاحب! آپ ان کو تقریر کرنے دیں۔ مداخلت نہ کریں۔ مہربانی۔

جناب شاد محمد خان : اسی طرح دوسرا بڑا کردار جو تھا وہ آج تک اپنے منصب پر اور مسند جلیلہ پر فائز ہے۔ یہ غیر آئینی اقدام کیا گیا ہے اور اس غیر آئینی اقدام کے نتیجے سے ایک اسمبلی کو برخواست کر دیا گیا ہے اور ان غریب لوگوں کو جن کی غربت کا جا بجا چرچا ہو چکا ہے ان پر یہ ناجائز بوجھ مسلط کیا گیا ہے لہٰذا میں حکومت وقت سے یہ استدعا کروں گا کہ بہانے تلاش نہ کیے جائیں اگر واقعی وہ اس کو غیر آئینی فعل تصور کرتے ہیں اور یہ بدنیتی پر مبنی نہیں ہے تو حکومت کو چاہیئے کہ وہ اپنی طرف سے ریفرنس کر کے اس ٹنٹے کو ختم کرے۔

حضور والا! میں یہ بھی کہنے کی جرأت کروں گا کہ اس عوامی حکومت کو چاہیئے کہ وہ جو تین لاکھ کی حد مقرر ہے کم از کم چالیس آدمی کو تو خزانے سے وہ تین لاکھ روپے ادا کرے تاکہ وہ بوجھ برداشت کر کے دوبارہ منتخب ہو کر آئیں۔ لہٰذا اس کفارے کا ادا کرنا بھی حکومت کا فرض ہے۔ حضور والا! اب یہ بات جو اظہر من الشمس ہو کر سامنے آ گئی ہے حکومت کو بروقت اقدام کر کے آگے بڑھنا چاہیئے جس طرح آج کل یہ فضا پیدا ہو گئی ہے۔ افہام و تفہیم کا دور چل رہا ہے اور ہماری بھی یہ خواہش ہے کہ اس ہاؤس کو افہام و تفہیم سے چلائیں۔ جو بھی اچھے کام حکومت کی طرف سے اس ہاؤس میں عوام کی بہتری کے لئے پیش ہوں ان کے ساتھ ہمیں تعاون کرنا چاہیئے۔ لہٰذا اس ڈرامے کو ختم کر کے فی الفور اس کا تدارک کرنا چاہیئے تاکہ بلوچستان کے لوگوں کی دلجوئی ہو سکے۔ شکریہ!

جناب چیئرمین : شکریہ جناب شاہ محمد خان صاحب۔ پہلے جمالی صاحب کو سن لیں کیونکہ یہ بلوچستان سے تعلق رکھتے ہیں۔جی جناب جمالی صاحب۔

جناب عبدالرحمٰن جمالی : بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ ! جناب چیئرمین dessolution of Baluchistan Assembly. پر پریویلج موشن پر کافی تقاریر ہو چکی ہیں اور کافی معزز ممبران نے اس کے حق میں بھی بات کی ہے اس کے خلاف بھی بات کی ہے۔ یہاں تک باتیں ہوئی ہیں کہ ایک معزز ممبر نے کہا کہ یہ جمالی گیٹ سکینڈل ہے دوسرے ہمارے معزز ممبر احمد میاں سومرو صاحب نے فرمایا کہ وہ تو حقیقت میں بلوچستان کے چنے ہوئے چیف منسٹر بھی نہیں تھے میں وزیراعلیٰ کے چھوٹے بھائی کی حیثیت سے بات نہیں کر رہا ہوں بلکہ بطور سینیٹر آپ کی خدمت میں گذارشات پیش کر رہا ہوں جو کچھ ہوا سب کہتے ہیں کہ اچھا نہیں ہوا۔ کیا آپ اس کے درپردہ جو حالات تھے ان کا جاننا پسند کریں گے مثلاً یہ کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی کونسی مجبوری تھی جو انہوں نے یہ اقدام اٹھایا جب مولوی صاحبان ان کے ساتھ بنتے بنتے بگڑے کیونکہ وہ کچھ زیادہ ڈیمانڈ کر رہے تھے حالانکہ وزیراعلیٰ بلوچستان نے بھرپور کوشش کی اور وہ سیاست میں کوئی نووارد سیاستدان بھی نہیں ہیں۔ نیشنل اسمبلی کے ممبر رہ چکے ہیں اور وہ عبوری حکومت کے چیف منسٹر بھی رہ چکے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ انہوں نے جو اقدام کیا ہے وہ مجبوری کی حالت میں کیا ہے اس سلسلے میں میری محترمہ بے نظیر بھٹو سے بھی ملاقات ہوئی جب میں نے ان سے سوال کیا تو انہوں نے کہا کہ جمالی نے اس سلسلے میں میرے ساتھ مشورہ نہیں کیا اور یہ بیان وہ نیشنل اسمبلی کے فلور پر بھی دے چکی ہیں۔ صرف میری گزارش یہ ہے کہ موشن ایڈمٹ ہوتی ہے یا نہیں ہوتی ہے حقائق ساری قوم کے سامنے آنے چاہئیں۔ میں ان کا چھوٹا بھائی ہوں لیکن مجھے کانوں کان خبر نہیں ہوئی میں صرف یہ گزارش کروں گا کہ یہ کوئی ایسی سازش بھی نہیں ہے جیسے لوگ کہہ رہے ہیں انہوں نے ایسا کسی مجبوری کے تحت کیا ہے اور اگر لوگ چاہتے ہیں تو آج بھی بلوچستان میں ریفرنڈم کرادیں اور میں امید واثق رکھتا ہوں کہ لوگ دوبارہ الیکشن ہولڈ کرنے کے حق

[Mr. Abdur Rehman Jamali]

میں ہوں گے بہ نسبت اس اسمبلی کو دوبارہ بحال کرنے کے۔ اس کے علاوہ میں یہ گزارش کروں گا کہ حالات اگر ایسے ہو گئے تھے تو اس وقت کے وزیراعلیٰ صاحب کو یہ کرنا چاہیئے تھا

in the cause of saving democretic set-up

خود قربانی دیتے اور خود استعفیٰ دے کر چلے جاتے پھر ہم دیکھتے کہ یہ اسمبلی آگے کیسی چلتی ہے اگر اسمبلی دوبارہ بحال ہو بھی گئی، کورٹس نے کر بھی دی پھر بھی میں سمجھتا ہوں کہ اس کا کیا حشر ہوگا ان الفاظ کے ساتھ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: شکریہ جناب جمالی صاحب، جناب محمود احمد منٹو صاحب۔

جناب محمود احمد منٹو: جناب چیئرمین صاحب! اس معاملے پر اب بہت لمبی بحث و تمحیص ہو چکی ہے اور دراصل اب جو پوائنٹ ہے۔ جیسے کہ وزراء صاحبان نے کہا ہے وہ ایڈمسیبلٹی کے بارے میں ہے۔ اگر یہ ثابت ہو جائے کہ اس ہاؤس کا کوئی privilege violate ہوا ہے تو ظاہر ہے کہ اس صورت میں اس موشن کا جواز ہے اور یہ ایڈمٹ ہونی چاہیئے، اس موضوع پر میرے دوست پروفیسر خورشید صاحب اور خاص طور پر میرے محترم جناب محبوب الحق صاحب نے بڑی تفصیل سے بڑی clarity سے، اپنے سارے پوائنٹس پیش کئے ہیں۔ اب بات سیدھی ہے کہ یہ لوگ جو اس وقت کہہ رہے ہیں کہ کوئی پریویلیج مجروح نہیں ہوا ہے، وہ بھی کہتے ہیں کہ یہ بہت افسوسناک واقعہ ہے، وہ بھی اس کے حق میں یہی کہتے ہیں کہ اس کی انہیں پہلے سے اطلاع نہیں ہوئی۔ یعنی ان کا مطلب یہ ہے کہ اگر انہیں اطلاع ہوتی اور ان سے کوئی پوچھتا تو ہم یہ نہ کرنے دیتے.... اور کیوں نہ کرنے دیتے.... وہ اس واسطے کہ یہ غیر قانونی اور غیر آئینی ہے اور غیر آئینی اور غیر قانونی کیوں ہے؟ .... کہ اس ہاؤس کے تمام اراکین مع وزراء حضرات کے، اس بات پر committed ہیں کہ آئین کی بالا دستی کو قائم رکھا جائے، اور آئین کی اگر کوئی چیز violation کرتی ہے تو This becomes a privilege of this House at once. اب بات سیدھی ہے کہ ایک وزیراعلیٰ ۲۴ گھنٹے پہلے استعفیٰ دے دیتا ہے، یہ کہیں قانون میں نہیں ہے کہ جب تک اس کا استعفیٰ منظور نہیں ہوگا وہ وزیر

اعلیٰ رہے گا۔ He at once ceases to become a Chief Minister.

تو اگر چوبیس گھنٹے پہلے اس نے استعفےٰ دے دیا تھا۔ تو اس کے بارے میں اب جنرل موسیٰ صاحب بھی یہ کہہ دیں کہ جناب، یہ بھی مجھے پتہ نہیں تھا کہ اس نے استعفےٰ دے دیا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ مجھے اس طریقے سے انہوں نے advice کیا۔ میں عرض کرتا ہوں کہ ایک ایسے آدمی کی advise پر جو وزیر اعلیٰ نہیں ہے، اور جس نے vote of confidence حاصل نہیں کیا ہے، جس نے ابھی وزیر اعلیٰ کی قسم نہیں اٹھائی، اس کو وہ اتنا معتبر سمجھتے ہیں کہ اس کے کہنے پر وہ یہ قدم اٹھاتے ہیں تو اس کے متعلق ہم یہ کہتے ہیں کہ جب ہماری وزیر اعظم صاحبہ کو

It touches them to the quick, like the jack in a box

کہ نہیں، نہیں، یہ بات مت کرو۔۔۔ وہ کہتے ہیں کہ نہیں صاحب، ہم کو پتہ نہیں تھا، وزیر اعظم صاحبہ کو پتہ نہیں تھا، پارٹی کا اس میں مشورہ شامل نہیں تھا۔ پارٹی والے کیا کر رہے تھے یہ بات اب طشت ازبام ہو چکی ہے کہ وہ وہاں بلوچستان میں پھر رہے تھے۔ conspiracies کر رہے تھے جنرلز وہاں گئے، یہ سب باتیں سامنے آ چکی ہیں۔ لیکن میں پھر بھی شاید وزیر اعظم صاحبہ کی بات مان لیتا، کیونکہ میرا خواتین کے بارے میں ایک   ہے کہ وہ شاید اس طرح کا blatant جھوٹ نہیں بولیں گی، بہر حال میرا اپنا ایک impression ہے لیکن ان کا کردار کیا ہے؟ انہوں نے یہ تو کہا کہ بڑا افسوسناک واقعہ ہوا ہے۔ مگر انہوں نے یہ نہیں کہا کہ ہم جو اپنے آپ کو عوامی جمہوری پارٹی کہتے ہیں، یہ جمہوری پارٹی کا جمہوریت پر پہلا حملہ ہے۔ اور یہ حملے چلتے رہیں گے۔ اب یہ جو جمہوریت کو قتل کرنے کا ایک پہلا حملہ جمہوری عوامی پارٹی کی طرف ہوا۔ خدا جانے جمہوری اور عوامی کا، کا کیا مطلب لیتے ہیں، ان کے دماغ میں کوئی اور بات ہوگی ہمارے دماغ میں جو definition ہے وہ ان پر apply نہیں کرتی۔

اب اگر واقعہ یہ ہے کہ ایسے حالات میں نہ تو وزیر اعلیٰ ایسی advice دے سکتے تھے اور نہ ہی گورنر اس کو ماننے کا پابند تھا، اور پھر اس کو دوبارہ گورنر لگائے رکھنا اور اس کو کہنا کہ ایک کیئر ٹیکر گورنمنٹ ہماری مرضی کی بنا دو۔۔۔ اب یہ صورت کیا ظاہر کر رہی ہے۔۔۔۔ وہ یہ

[Mr. Mahmood Ahmed Minto]

ظاہر کرتی ہے کہ شروع سے

*ab initio* this Governor who had acted so blatantly against 'جمہوریت' he had the blessings of the Federal Government and the Peoples Party.

اس واسطے یہ کہنا کہ اس نے یہ کیا ہے... اور ابھی تک اس گورنر کی تعریفیں ہو رہی ہیں — اگر محترمہ بے نظیر بھٹو یہ کہتی ہیں کہ یہ تو بڑا افسوسناک واقعہ ہوا ہے اور یہ کہتی ہیں کہ یہ تو بڑا غیر جمہوری واقعہ ہوا ہے، بڑا غیر آئینی واقعہ ہوا ہے تو ہم اس کو remedy نہیں کرتے ہیں کم از کم اتنا to show my displeasure as a Prime Minister میں یہ تو کہوں گا کہ کم از کم اس گورنر کو ہٹا دو۔ کوئی اور neutral گورنر لگا دو ور تو بھی کچھ سمجھیں۔ وہ ہٹا کیا دیتے انہوں نے تو اب ایک اور وزیروں کی کونسل بھی بنا دی ہے۔ اور ایسا بھی انہوں نے نہیں کیا۔ اس واسطے میں سمجھتا ہوں کہ inspite of all the impressions that I have in her favour میں سمجھتا ہوں کہ یہ بات وہ قطعاً غلط کہہ رہی ہیں۔ یہ سچی بات نہیں ہے۔ جو وہ کہہ رہی ہیں کہ مجھے کچھ پتہ نہیں تھا، مجھے علم نہیں تھا، پیپلز پارٹی کو علم تھا۔

اب سیدھی بات ہے جو پوائنٹ میرے محترم دوست محبوب الحق نے اٹھائے ہیں، ان سے ظاہر ہو گیا ہے، عیاں ہو گیا ہے کہ کیوں اور کس واسطے آئین کی خلاف ورزی ہوئی ہے.... اور جناب محترم اگر آپ کی نظر میں بھی یہ پوائنٹس ٹھیک ہوں کہ آئین کی violation ہوئی ہے تو اس کے بعد یہ فیصلہ کرنا کچھ دشوار نہیں ہے کہ ہم as a custodian of the constitution جس پر عمل کرنے کی ہم نے یہاں قسمیں کھائی ہیں ان سب لوگوں نے قسمیں کھائی ہیں اور ان سب وزراء نے بھی قسمیں کھائی ہیں۔ اگر وہ اس آئین کی بالا دستی قائم رکھنا چاہتے ہیں تو اس کے مطابق بطور سینیٹر کے، ہمارا privilege مجروح ہوا ہے، اس لئے میں آپ سے مؤدبانہ درخواست کرتا ہوں کہ اس میں آپ کو زیادہ پس و پیش نہیں ہونا چاہیئے۔ جناب آپ رولنگ دیں کہ یہ بالکل خلاف ورزی ہوئی ہے، کیونکہ یہ ہمارا حق ہے، یہ ہمارا پرویلیج ہے، اس لئے اس کو پرویلیج کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔

جناب چیئرمین: بہرہ ور سعید صاحب۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمان الرحیم، نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم،

یہی آدم ہے سلطاں بحر و بر کا
کہوں کیا ماجرا اس بے بصر کا
نہ خود بیں، نہ خدا بیں، نہ جہاں بیں
یہی ہے شاہکار تیرے ہنر کا

جناب چیئرمین! پاکستان میں، دوستوں کے کہنے کے مطابق دسمبر میں پارلیمانی جمہوریت کی ابتداد ہوئی اور اس کے ہی ادارے ابھی پورے ہوئے تھے یعنی مکمل ہوئے تھے کہ اڑتالیس گھنٹے کے اندر بلوچستان میں ایک ادارے کو توڑنے کیلئے ایسا اقدام کیا گیا جس کی مثال ۱۹۷۷ء سے پہلے بھی موجود تھی۔

جناب چیئرمین صاحب۔ بلوچستان پاکستان کا ایک صوبہ ہے، مگر میری نظر میں یہ ایک تمدن ہے ایک جغرافیہ ہے، ایک تاریخ ہے۔ اس کی ایک طرف ایک سپر پاور روس جو ایک خواب لے کر گرم پانی تک پہنچنا چاہتی ہے، اس کی دوسری طرف انقلاب ایران موجود ہے۔ ہے اور تیسری طرف وہ سمندر ہے، جس میں ہندوستان اپنی بحری طاقت روز بروز بڑھاتا رہتا ہے میں نہیں سمجھتا کہ بلوچستان کو کیوں ہدف بنایا جاتا ہے، اگر کوئی ایسی وجوہات موجود ہیں۔ ایسے واقعات یا ایسے محرکات جو کہ ہمارے علم میں نہیں ہیں اور جو کہ صرف اور صرف پیپلز پارٹی والوں کے علم میں ہو سکتے ہیں، تو وہ بھی ہم میں سے ہیں اور ہم سب یہی چاہتے ہیں کہ پاکستان زندہ رہے، آباد رہے، شاد رہے، لیکن ہمیں بھی تو یہ بتا دیں کہ آخر کیا وجہ ہے کہ ابھی جمہوریت آگے بڑھی نہیں ہے اور بلوچستان پر وار کر دیا گیا ہے۔ یہ منطق میری سمجھ میں نہیں آتی۔

میرے دوستوں نے یہ بڑی قوی دلیل پیش کی ہے کہ بلوچستان اسمبلی سینیٹ کی ایک constituency ہے اور اس constituency کو dissolve کرکے اس

[ Akhunzada Behrawar Saeed ]

ہاؤس کی privilege کو چیلنج کیا گیا ہے اور اس کو مجروح کیا گیا ہے۔ جناب والا! جو چیز میری سمجھ میں نہیں آتی وہ یہ ہے کہ ایک گورنر جو کہ صدر کی مرضی سے/ وزیر اعظم کی سفارش سے مقرر کیا جاتا ہے اور جس کی مدت ملازمت صدر کی مرضی کے مطابق ہوتی ہے۔ اور پھر جب وہ گورنر منہ موڑتا ہے تو eyes right اور eyes left کے کاشن دے کر موڑتا ہے تو وہ کیسے یہ جرأت کر سکتا ہے کہ وہ اسمبلی کو، پھر بلوچستان جیسی اسمبلی کو آناً فاناً، اس پر شب خون مار کر اس کو disolve کر دے اور پھر اس پر طرہ یہ کہ ہماری محترمہ وزیر اعظم صاحبہ سے یہ فرماتی ہیں کہ مجھے تو نو بجے بتایا گیا وہ بھی اٹارنی جنرل ان کے نوٹس میں لائے اب ہم جیسے لوگوں کو تو خبر سات بجے پہنچتی ہے، ریڈیو، ٹی وی کے ذریعے سے مگر ہمارے ملک کی جوان سال وزیر اعظم کو نو بجے خبر پہنچتی ہے وہ بھی اٹارنی جنرل دیتا ہے میں اس سے کیسے اتفاق کروں۔ کیا میں یہ سمجھوں کہ ہماری وزیر اعظم صاحبہ اس ملک سے اتنی غافل ہیں! میں یہ تصور نہیں کر سکتا۔ کیونکہ جو کچھ وہ کہتی ہیں اس سے تو غفلت کی بو آتی ہے۔

جناب چیئرمین! پھر یہ کہ ہاں یہ صحیح ہے کہ ایک غلط کام ہوا ہے لیکن آئین کے مطابق ہوا ہے۔ ٹھیک ہے آرٹیکل ۱۱۲ وہی ہے لیکن پھر یہ کہنا کہ یہ آئین ہمارا لکھا ہوا نہیں ہے۔ ایسی باتیں نہیں کرنی چاہیئں۔ یہ آرٹیکل نمبر ۱۱۲ گو کہ یہ ۱۹۸۵ء کی آٹھویں ترمیم کا ایک حصہ ہے لیکن یہ ہو بہو وہی آرٹیکل ہے جو کہ ۱۹۷۳ء کے آئین میں پہلے سے موجود تھا اس لئے اس کی آڑ لے کر یہ کہنا کہ یہ ہمارا لکھا ہوا نہیں ہے، میں اس سے اتفاق نہیں کرونگا جناب چیئرمین! اگر ہماری وزیر اعظم صاحبہ کے متعلق ہے۔ اگر ہمارے صدر گرامی کو علم نہیں ہے اور بلوچستان جو اتنا حساس صوبہ ہے، جس پہ اگر میں یہ کہوں کہ جس کی خاطر بہت لمبی لمبی جنگیں لڑی گئی ہیں اور بڑے بڑے الزام لگائے جاتے تھے اس سے پہلے یہاں انکل سام کو اڈے دیئے گئے تھے۔ یہاں پہ فورس رکھی گئی ہے۔ یہاں پہ بہت کچھ ہو رہا ہے لیکن اس اقدام سے ہماری موجودہ عوامی جمہوری حکومت غافل ہے اس کو پتہ نہیں چلتا۔

جناب والا! اس سے تو میں ایک ہی نتیجہ اخذ کر سکتا ہوں کہ نہ تو اس ملک کی نئی وزیر اعظم اس

ملک کے عوام کی مرضی سے بنی ہے اور نہ میرے صدر گرامی اس ملک کے عوام کی مرضی سے elect ہوئے ہیں بلکہ یہ تو انکل سام کے اشارے ہیں۔ کیا یہ ایکشن اس نے لیا اس کو یہ بلوچستان نہ چاہتا ہے؟ اس کو کیا یہ بلوچستان کی اسمبلی پسند نہیں ہے؟ وہ نہیں چاہتا کہ بلوچ آرام سے رہیں؟ کیا وہ یہ چاہتا ہے کہ بلوچستان میں ہمیشہ بدامنی اور گڑبڑ رہے تاکہ ان کو یہ موقع ملے کہ جو چاہے وہ کرا سکیں؟ دو باتیں ہیں جس پہ حکومت اپنی پالیسی سے عوام کو اعتماد میں لے سکتی ہے۔ یا وہ یہ کہے کہ ہمیں اس کا علم تھا اور ہم نے اس ملک کے مفاد کی خاطر اس اقدام کی اجازت دی تھی۔ یا یہ وہ کہے کہ نہیں ہمیں علم نہیں تھا ان کو علم تھا جنہوں نے ان سب کو مقرر کیا تھا۔ یہ میں مانتا ہوں کہ ٹھیک ہے لیکن یہ کب تک چلے گا؟ ایک طرف جب آپ حکومت سے باہر ہوتے ہیں تو ہم اپنے یا ان لوگوں کے آقا امریکہ کو کرتے ہیں لیکن جب حکومت کے اندر آتے ہیں تو وہ جو بات کہتا ہے اس پہ آمنا و صدقنا کہتے ہیں۔

